© rasailojaraid.com



# فساد و بد امنی کا انسداد۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں

تحریر: ڈاکٹر حافظ محمود اختر'
ایسوسی ایٹ پروفیسر' پنجاب یونیورسٹی' لاہور

بد امنی اور فساد خاندانوں' معاشروں اور ممالک کو تباہی و بربادی کی طرف دھکیل دیتے ہیں۔ فساد کی صورت میں معاشرتی' معاشی اور سیاسی امن درہم برہم ہو جاتا ہے۔ بد امنی کی فضا میں علوم و فنون کی ترقی رک جاتی ہے۔ صنعتی ترقی کیلئے فضا سازگار نہیں رہتی۔ بلند تر اقدار پنپ نہیں سکتیں۔ معاشرے کا ہر فرد مستقل طور پر خوف و ہراس کا شکار ہو جاتا ہے۔ اگر افراد معاشرہ زیادہ دیر تک خوف و ہراس کی کیفیت میں مبتلا رہیں تو ان کی صلاحیتیں تباہ ہو جاتی ہیں۔ افراد نفسیاتی مریض بن جاتے ہیں۔ علوم و فنون کی ترقی مطلوب ہو یا صنعتی ترقی کا پروگرام ہو' سب کچھ صرف پر امن فضا میں ہی ممکن ہو سکتا ہے۔ فساد اور بد امنی کی فضا میں تو کوئی شخص رہنا بھی گوارہ نہیں کرتا۔ لوگ فساد زدہ علاقوں سے نقل مکانی کر جاتے ہیں۔ اسلام ایک روشن خیال اور فطری دین ہے۔ وہ علوم و فنون اور معاشرت و معیشت میں ترقی چاہتا ہے۔

اسلام یہ بات گوارا نہیں کرتا کہ انسانی زندگی اور اعلیٰ اقدار کے فروغ میں کسی بھی طرح جمود اور تعطل پیدا ہو۔ اس لئے اس نے فتنے فساد کے استیصال اور خاتمے کیلئے مؤثر اور مثبت لائحہ عمل دیا ہے۔ قرآن مجید فتنے فساد کی مذمت بھی کرتا ہے اور اس کے انسداد کیلئے لوگوں کی ذہنی تربیت بھی کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ عبرت کیلئے حدود و تعزیرات کی صورت میں سزائیں بھی نافذ کرتا ہے تاکہ جن پر کوئی نصیحت اثر نہ کرے انہیں قانون کے شکنجے میں جکڑ کر انہیں لاقانونیت سے روکا جائے۔

## فتنے فساد کی مذمت

قرآن مجید نے فساد اور بد امنی کی مذمت کرتے ہوئے کئی ایک پیرائے اختیار کئے ہیں سورۃ البقرۃ میں ارشاد ہے:

"اَلْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ"(۱) (شرارت قتل سے بھی زیادہ سخت ہوتی ہے۔)

اسی سورۃ میں دوسری جگہ فرمایا:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"اَلْفِتْنَةُ اَکْبَرُ مِنَ الْقَتْل"(۲)　　　شرارت قتل سے بھی زیادہ بڑھ کر ہے)

قرآن مجید کا نقطۂ نگاہ یہ ہے کہ زمین پر فساد کی اصل جڑ یہ ہے کہ اللہ کے دین کے احکام کے اجراء اور غلبے کی بجائے انسانوں پر انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین کا اجراء و نفاذ ہو۔ انسان انسانوں کے استحصال کیلئے قوانین بناتے ہیں تو زمین میں فساد بپا ہوتا ہے۔ اس فساد کے خاتمے کا واحد حل یہ ہے کہ انسانوں کے بنائے ہوئے ضابطوں سے انسانوں کو نجات دلائی جائے۔ نبی کریم ﷺ نے مختلف قبائل کو جو دعوت اسلام دی اس میں آپ ﷺ یہی فرمایا کرتے تھے کہ "کلمہ طیبہ پڑھ لو تم امن میں ہو جاؤ گے" کافر لوگ اس دعوت کی مخالفت اور مزاحمت کر کے ظلم اور استحصال کے نظام کو قائم رکھنے کی کوشش کرتے ہیں اور یوں زمین پر ظلم کیلئے راہ ہموار کر کے فساد برپا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ قرآن مجید اس روش پر چلنے والوں کو متنبہ کرتا ہے کہ فتنہ یعنی لوگوں کو تشدد کے ذریعے راہِ حق سے روکنا' قتل سے بھی زیادہ بڑا اور شدید قسم کا گناہ ہے۔ فتنہ قتل سے بھی زیادہ شدید اور برا ہونے کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ اپنے ہولناک اور مہلک ہونے کے اعتبار سے قتل سے بھی شدید تر ہے۔

قرآن مجید فتنے کی مذمت اس طرح بھی کرتا ہے کہ یہ منافقین کا طرز عمل ہے کہ وہ فتنہ پرداز ہوتے ہیں۔ منافقین اسلام دشمنی کی وجہ سے ہر روز مسلمانوں کیلئے کوئی نہ کوئی فتنہ کھڑا کرتے رہتے۔ کبھی کہیں جھگڑا کروا دیتے۔ کبھی مسلمانوں کے راز یہودیوں کے سامنے مرچ مصالحہ لگا کر پیش کرتے۔ پھر مسلمانوں کے خلاف بیٹھ کر سازش تیار کیا کرتے۔ حتیٰ کہ نورِ ہدایت کو بجھانے کی بھی جسارتیں کی گئیں۔ انہی منافقین کی جاسوسی پر مبنی کارستانیوں کے نتیجے میں یہود اور کفار مکہ کا گٹھ جوڑ ہوا تھا۔ یہ مل کر مسلمانوں کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے ہمہ وقت تیار رہتے۔ یہ منافقین مسلمانوں کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کر کے انہیں آپس میں لڑانے کی کوشش کیا کرتے۔ ایک موقع پر صحابہ کرامؓ کی باہمی محبت کو دیکھ کر منافقین نے ان میں پھوٹ ڈالنے کا منصوبہ بنایا۔ مسلمانوں میں اُپنے بندے چھوڑ دیے جو ان میں باہم اشتعال پیدا کرنے کی کوشش کرتے۔ وہ اپنے منصوبے میں ایک روز کامیاب ہو گئے۔ جنگ بعاث کے واقعات کو اچھال کر اوس اور خزرج کو باہم لڑا دیا۔ قریب تھا کہ تلواریں نکل آتیں۔ فیصلہ کیا گیا کہ حرہ کے میدان میں نکل کر اپنے جوہر دکھائیں۔ نبی کریم ﷺ کو پتہ چلا تو آپ ﷺ فوراً لڑائی کی جگہ تشریف لے گئے(۴) صحابہ کرامؓ کو قرآن مجید کی یہ آیات سنائیں:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ کُنْتُمْ اَعْدَاءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِہٖٓ اِخْوَانًا وَکُنْتُمْ عَلٰی شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَکُمْ مِّنْھَا" (۵)

(تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور باہم تفرقہ نہ کرو اور اللہ کی نعمت کو یاد کرو۔ جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے۔ پھر اس نے تمہارے دلوں میں الفت پیدا کر دی۔ پھر تم اللہ کی نعمت کے نتیجے میں بھائی بھائی بن گئے اور تم تباہی کے گڑھے کے کنارے پر تھے اور اللہ نے تمہیں اس سے بچالیا۔)

نبی کریم ﷺ اس بات سے آگاہ تھے کہ اگر لوگوں میں دوبارہ خاندانی تعصبات نے جگہ پالی تو یہ پھر سے منتشر ہو جائیں گے اور دور جاہلیت کی طرح ایک دوسرے کے دشمن بن جائیں گے۔ جیسا کہ آپ ﷺ کے بعد خاندانی تعصّبات میں پڑ کر لوگ پارہ پارہ ہو گئے۔ منافقین ان مفسدانہ حرکتوں کے باوجود اپنے آپ کو "مصلح" قرار دیتے لیکن قرآن کہتا ہے کہ یہ مفسد ہیں۔ اَلَآ اِنَّھُمْ ھُمُ الْمُفْسِدُوْنَ (آگاہ ہو جاؤ کہ یہی لوگ مفسد ہیں) مسلمانوں کو باہم لڑانے کی روش اس اعتبار سے زیادہ قابل مذمت تھی کہ یہ نبی کریم ﷺ کی ان کاوشوں کو بے اثر کرنے کی گھناؤنی حرکت تھی۔ یہ لوگوں کو متحد کرنے کی پیغمبرانہ جدوجہد کو بے اثر کرنے کی یہ سازش تھی۔ قرآن مجید ان کی اس حرکت کا ذکر یوں کرتا ہے:

"وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ" (۶)

(جب انہیں کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد نہ مچاؤ تو وہ کہتے ہیں کہ ہم تو اصلاح کرنے والے ہیں)

منتشر اور متفرق لوگوں میں فساد پیدا کرنا قابل مذمت ہے لیکن اخوت کی لڑی میں پروئے ہوئے لوگوں میں فساد ڈالنا نہایت ہی قبیح حرکت ہے۔ اس آیت سے واضح ہوا کہ کوئی شخص، کوئی گروہ اور جماعت یا ادارہ، کوئی تحریری مواد، اخوت و محبت میں پروئے ہوئے لوگوں میں انتشار و افتراق پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے تو یہ منافقانہ حرکت ہو گی۔ کسی کی اس طرح کی حرکت اسے منافقین کے مماثل کر دے گی۔ اور منافقین کے انجام کے بارے میں قرآن مجید نے دوٹوک الفاظ میں فرمادیا ہے: "اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ" (۷) بیشک منافقین جہنم کے سب سے نچلے درجے میں رہیں گے)

مسلمانوں کو منافقانہ طرز عمل سے بچانے کیلئے قرآن مجید نے ان کی اس روش کا ذکر کئی جگہ پر کیا ہے کہ مسلمانوں کا اتحاد اور اسلام کی ترقی انہیں ایک آنکھ نہیں بھاتی اور وہ مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کا کوئی موقع ضائع نہیں ہونے دیتے۔ اس سلسلے میں ان کے طرز عمل کی ایک جھلک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سورۃ التوبہ کی آیت نمبر ۴۸ اور ۴۹ میں پیش کی گئی ہے کہ "اے نبیؐ جب آپ مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ تشریف لائے تھے اس وقت بھی انہوں نے فساد برپا کرنے کی کوشش کی تھی اور آپ کے کئی کاموں کو انہوں نے الٹ پلٹ کرنے کی کوشش کی اور اس دوران حق آگیا اور انہیں حق کا آنا بڑا ناگوار گزرا۔ قرآن کہتا ہے کہ "یہ منافق تو فتنے میں گرے پڑے ہیں"۔

سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ۲۰۴ میں بھی منافقین کے اس شر پسندانہ رویے کا ذکر کر کے اس کی مذمت کی گئی ہے :

"وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ یُّعۡجِبُکَ قَوۡلُہٗ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا وَیُشۡھِدُ اللّٰہَ عَلٰی مَافِیۡ قَلۡبِہٖ وَھُوَ اَلَدُّ الۡخِصَامِ۔ وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الۡاَرۡضِ لِیُفۡسِدَ فِیۡھَا وَیُھۡلِکَ الۡحَرۡثَ وَالنَّسۡلَ ۔ وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الۡفَسَادَ"

(لوگوں میں سے کوئی ایسا شخص ہے کہ اس کی (چرب زبانی سے کی ہوئی) دنیوی بات بھلی لگتی ہے اور وہ دل کی سچائی پر اللہ کو گواہ بناتا ہے۔ حالانکہ وہ بڑا جھگڑالو ہے۔ جب وہ لوٹ کر جاتا ہے (اسے اختیار ملتا ہے) تو زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کھیتیاں اور جانیں برباد کرتا ہے۔ اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا) تقریباً سبھی مفسرین کا اس پر اتفاق ہے کہ اس آیت میں منافقین کے طرز عمل کا ذکر ہے کہ وہ مسلمانوں کے معاشرے میں کبھی تو عملی طور پر لوگوں کے جان و مال اور ان کی فصلوں کی تباہی کی صورت میں فساد برپا کرتے ہیں۔ کبھی ماحول کو کشیدہ بنا کر بے امنی اور بد امنی کی فضا پیدا کرتے ہیں۔ سازشیں تیار کر کے مسلمانوں کیلئے آئے دن کوئی نہ کوئی مسئلہ پیدا کئے رکھتے ہیں۔

منافقین کے اس طرز عمل کی مثال آج کے دور میں دشمن کا ایجنٹ بن کر محض چند روپوں کی خاطر ملک میں بم دھماکے کروانا' دہشت گردی کے ذریعے لوگوں کی جانوں سے کھیلنا' مسلم معاشرے کے پر امن شہریوں میں عدم تحفظ کے احساس کے ذریعے خوف و حراس پیدا کرنا' تنصیبات کو تباہ کرنا وغیرہ ہو سکتے ہیں۔ منافقین کے بارے میں نازل ہونے والی مذکورہ بالا آیات کے پس منظر میں مفسرین نے بیان کیا ہے کہ یہ لوگ مخلص مسلمانوں کو پکڑتے اور انہیں اذیتیں دیتے اور یوں اسلام دشمنی کے جذبات کو ٹھنڈک پہنچانے کی کوشش کرتے۔ اتنے چرب زبان ہیں کہ گویا زبانیں شہد ہیں۔ اسی کے بل بوتے پر وہ دنیا کماتے ہیں حالانکہ ان کے دل ایلوے سے بھی زیادہ کڑوے ہیں۔ لوگوں کیلئے بکریوں کی کھالیں پہنتے ہیں حالانکہ ان کے دل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھیڑیوں کی مانند ہیں۔ سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ۲۰۶ کے ضمن میں ابن کثیر لکھتے ہیں کہ اس طرح کے اسلام دشمن اور امن دشمن لوگوں کو اللہ تعالیٰ ایسے فتنے میں مبتلا کر دیں گے کہ بڑے بردبار بھی اس پر حیران رہ جائیں گے۔ گویا مسلمان معاشرے کو دہشت گردی اور خوف و حراس کا شکار کرنے والے اللہ کے عذاب کی زد میں یقیناً آنے والے ہیں۔

قرآن مجید منافقین کے مفسدانہ رویے کو یوں بیان کرتا ہے: "وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ" (۸) (یہ بدترین جھگڑالو شخص ہے) الد کا لفظی معنی ہے سخت ٹیڑھا۔ گویا منافق بہت ٹیڑھے ذہن کا، سیدھی بات کو چھوڑ دینے والا، اکھڑ، بہتان اور گالیاں بکنے والا، جھوٹا، حق سے ہٹ جانے والا ہوتا ہے۔ (۹)

الدالخصام کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"ان ابغض الرجال الی اللہ الدالخصیم" (۱۰) اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخص وہ ہے جو بڑا جھگڑالو اور لڑاکا ہے۔

منافقین کا طریق کار یہ بھی تھا کہ وہ مسلمانوں کے پاس آتے تو انہیں یقین دلانے کی کوشش کرتے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں۔ یہاں مسلمانوں کے ساتھ بیٹھتے۔ ان کی آپس کی باتیں نوٹ کرتے۔ پھر یہود کے پاس جاتے اور انہیں مسلمانوں سے سنی ہوئی باتیں بتلاتے۔ یوں جاسوسی کا انداز اپناتے اور کفار کو اس بات کا یقین دلاتے کہ دیکھو ہم کتنے عقل مند ہیں کہ کس ذہانت اور کس چابک دستی سے ہم مسلمانوں کے راز تمہیں بتلاتے ہیں۔ اس طرز عمل سے ان کا مقصد دونوں طرف سے مفادات حاصل کرنا تھا۔

نبی کریم ﷺ نے اس طرز عمل کی مذمت فرمائی۔ آپ نے ایسا رویہ اختیار کرنے والے شخص کو "ذوالوجھین" دو چہروں والا قرار دیا۔ ارشاد نبوی ہے:

"ان من شرالناس ذالوجھین الذی یاتی ھؤلاء بوجه وھؤلاء لوجه" (۱۱) (لوگوں میں سب سے برا شخص وہ ہے جو دو منہ (دو چہروں یا دو زبانیں) رکھتا ہے۔ کچھ لوگوں کے پاس وہ ایک چہرے کے ساتھ آتا ہے اور دوسروں کے سامنے دوسرے چہرے کے ساتھ۔ یہ فرمان نبوی الفاظ کے کچھ اختلاف کے ساتھ دو مرتبہ آیا ہے)

اس کے مقابلے میں اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ واضح اور صاف بات کی جائے۔ ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ باطن میں تو کچھ اور عزائم اور مقاصد چھپے ہوئے ہوں اور ظاہری طور پر کسی کو دھوکہ دینے کیلئے ظاہری الفاظ کی آڑ میں کوئی اور بات کی جائے۔ اس سلسلے میں قرآن مجید اور نبی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کریم ﷺ کی تعلیمات میں ہمیں صدق کا درس ملتا ہے۔ صدق کی کئی صورتیں ہیں۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ انسان جو الفاظ اپنی زبان سے نکالے اس کا دل' ارادہ اور نیت بھی اس کے مطابق ہو۔ جس چیز کی نیت اور ارادہ ہے وہی زبان پر لائی جائے۔ دارمی میں روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "من کان ذالوجھین فی الدنیاکان له یوم القیامة لسانان من النار" (جس شخص کی دنیا کے اندر دو زبانیں ہوں اللہ قیامت کے دن اسے آگ کی دو زبانیں دیں گے)(a)اا۔

فساد کی مذمت کرتے ہوئے قرآن مجید فساد اور اس فعل کا ارتکاب کرنے والے شخص کے بارے میں سخت ناپسندیدگی کا اظہار کرتا ہے۔ ارشاد ہے :

"وَاللّٰہُ لَا یُحِبُّ الْفَسَادِ"(۱۲) (اللہ تعالیٰ فساد کو پسند نہیں کرتا)

اس فعل کا ارتکاب کرنے والے کے بارے میں یوں اظہار ناراضگی کیا گیا :

"اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُفْسِدِیْنَ"(۱۳) (اللہ تعالیٰ فساد برپا کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا)

کسی کے ساتھ ظلم و زیادتی کرنا فساد کا سبب بنتا ہے۔ اس سلسلے میں قرآن مجید میں ارشاد ہے :

"وَلَا تَعْتَدُوْا اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ"(۱۴) (کسی کے ساتھ زیادتی نہ کرو۔ بے شک اللہ تعالیٰ زیادتی کرنیوالوں کو پسند نہیں فرماتا)

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کوئی شخص اپنے مخصوص ذہنی سیاق و سباق کے تحت کوئی طرز عمل اختیار کرتا ہے اور اسے اپنے خیال کے مطابق "اصلاحی کام" گردانتا ہے۔ حالانکہ اس کے اس فعل کے پیچھے فساد کا پروگرام چھپا ہوا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس روش پر بھی لوگوں کو باخبر کرتا ہے کہ اللہ اصلاح کی آڑ میں فساد برپا کرنے والوں کے دلی ارادوں کو جانتا ہے :

"وَاللّٰہُ یَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحْ"(۱۵) (اللہ تعالیٰ فسادی شخص اور اصلاح کرنے والے کو الگ الگ جانتے ہیں)

فساد کی مذمت کا ایک قرآنی انداز یہ بھی ہے کہ فساد برپا کرنے والوں کو متنبہ کیا گیا ہے کہ ان کا انجام اچھا نہیں ہو گا۔ سورۃ القصص میں فرمایا :

"تِلْکَ الدَّارُ الْاٰخِرَۃَ نَجْعَلُھَا لِلَّذِیْنَ لَا یُرِیْدُوْنَ عُلُوًّا فِی الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا وَالْعَاقِبَۃَ لِلْمُتَّقِیْنَ"(۱۶) (یہ آخرت کا گھر ان لوگوں کیلئے بنایا گیا ہے جو زمین میں سرکشی اور فساد کا ارادہ نہیں رکھتے اور آخرت کی کامیابی متقی لوگوں کیلئے ہی ہے)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فساد فی الارض اور زمین میں سرکشی مچانے کی بدترین شکل یہ ہوتی ہے کہ زمین پر اللہ کے حکم کے برعکس طاغوتی اور استحصالی نظاموں کو نافذ کیا جائے اور اللہ کے حکم کی بالادستی کی بجائے استحصالی نظاموں کی حمایت میں سازشیں تیار کی جائیں جیسا کہ منافقین کیا کرتے تھے۔

فتنہ فساد سے منع کرتے ہوئے فرمایا گیا: "وَلَاتَبغِ الفَسَادَفِی الاَرضِ "(۱۷)

سورۃ الاعراف میں فرمایا:

"ولاتفسدوا فی الارض بعداصلاحہا"(۱۸)(زمین میں امن قائم ہو چکنے کے بعد اس میں فساد نہ مچاؤ)

قرآن مجید نے یہ بات واشگاف الفاظ میں بتادی ہے کہ دین وحدت امت کی بنیاد ہے۔ اگر دین کو اس کی اصل روح کے ساتھ سمجھا جائے تو امت کی وحدت قائم رہتی ہے اور اگر دین میں اختلافات پیدا کر دیئے جائیں تو امت بھی اختلاف کا شکار ہو جاتی ہے۔ لوگوں کے دلوں میں کدورتیں اور بغض وعداوت بھر جاتا ہے۔ سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر ۱۳ میں فرمایا کہ:

"اَنْ اَقِیمُوا الدِّینَ وَلَاتَتَفَرَّقُوافِیہِ "(دین پر قائم رہنا اور اس میں اختلافات و تفرقہ پیدا نہ کرنا)

اس سے اگلی ہی آیت میں فرمایا کہ:

"وَمَاتَفَرَّقُوْا اِلَّامِنْ بَعْدِمَاجَاءَ ھُمُ الْعِلْمُ بَغْیًا بَیْنَھُمْ" (انہوں نے علم کے آجانے کے بعد محض از راہ سرکشی اور ضد بازی آپس میں تفرقہ پیدا کیا)

گویا جن لوگوں نے دین میں تفرقہ ڈالا اور اختلافات پیدا کئے انہوں نے ایسا از راہ سرکشی وبغاوت کیا ورنہ دین تو بالکل واضح اور غیر مبہم تھا۔ اس کے ساتھ ہی سورۃ المائدۃ کی آیت نمبر ۱۲ اور ۱۳ میں اہل کتاب کے باہم اختلافات کا شکار ہو جانے کا سبب یہ قرار دیا ہے کہ انہوں نے دین پر عمل چھوڑ دیا اور دین کی من مانی تشریحات کر لیں۔ صورتِ حال یوں بن گئی کہ جتنے منہ اتنی باتیں۔ جتنے منہ تھے اتنی ہی تشریحات سامنے آگئیں۔ ہر تشریح دوسری تشریح سے مختلف تھی۔ اس طرح لوگوں نے اصل دین کی بجائے ان تشریحات کو اپنی توجیہات کا مرکز بنالیا۔ اہل کتاب گروہوں میں بٹ گئے۔ اس سلسلے میں قرآن مجید میں فرمایا گیا:

"وَمِنَ الَّذِینَ قَالُوْا اِنَّانَصٰرٰی اَخَذْنَامِیْثَاقَھُمْ فَنَسُوْاحَظًّامِّمَّاذُکِرُوْابِہٖ فَاَغْرَیْنَابَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَومِ الْقِیَامَۃِ(۱۹)

(کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں۔ ہم نے ان سے بھی عہد لیا تھا۔ وہ اس میں سے بڑا حصہ بھلا بیٹھے جو ہم نے انہیں نصیحت کی تھی تو ہم نے قیامت تک ان کے درمیان بغض وعداوت ڈال دیا)

قرآن مجید ان لوگوں کے بارے میں فرماتا ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"اِنَّ الَّذِیْنَ فَرَّقُوْادِیْنَھُمْ وَکَانُوْا شِیَعًا لَّسْتَ مِنْھُمْ فِیْ شَیْئٍ اِنَّمَااَمْرُھُمْ اِلَی اللّٰہِ ثُمَّ یُنَبِّئُھُمْ بِمَاکَانُوایَفْعَلُوْنَ"(۲۰)

(جن لوگوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈال دیااور گروہ در گروہ بن گئے آپ کاان سے کوئی تعلق نہیں۔پس ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے)

سورۃ آل عمران میں گروہوں میں بٹ جانے سے منع فرمایا گیا:

"وَلَاتَکُوْنُوْاکَالَّذِیْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْامِنْ بَعْدِمَاجَاءَ ھُمُ الْبَیِّنَاتُ وَاُولٰئِکَ لَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ"(۲۱)

(تم ان لوگوں کی مانند نہ بن جاؤ جنھوں نے تفرقہ بازی اختیار کرلی اور اختلافات کا شکار ہو گئے۔اس کے بعد کہ ان کے پاس ہمارے واضح دلائل اور روشن نشانیاں آگئیں۔یہی لوگ ہیں جن کیلئے بہت بڑا عذاب ہے)

گویااللہ تعالیٰ کے واضح احکام آچکنے کے بعد جو شخص ؍گروہ؍ جماعت یا فرقہ دین کو اختلاف کا شکار بناتا ہے یا کوئی قوم اللہ کے دین کے بارے میں اختلافات کا شکار ہو جاتی ہے اس کیلئے اللہ تعالیٰ نے بہت بڑا عذاب مقرر کرر کھا ہے۔اس عذاب کا مطلب صرف یہی نہیں کہ مرنے کے بعد اس قوم کو عذاب دیا جائے گا بلکہ عین ممکن ہے کہ دنیا میں بھی انہیں سزا کا سامنا کرنا پڑے۔ہوا کا اکھڑ جانا' دشمن کی نگاہ میں 'ہیچ ہو جانا' معاشی بدحالی' معاشرتی عدم استحکام اور سیاسی بد نظمی اس عذاب کی مختلف شکلیں ہو سکتی ہیں۔

عموماً دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگوں نے مختلف مقاصد کے تحت دین کی تشریحات کی آڑ میں اختلافات پیدا کیے ہیں۔نبی کریم ﷺ نے اس رجحان کی پیش بندی فرمادی تھی کہ لوگ قرآن کو وجہ نزاع بناڈالیں گے۔قرآن مجید نے بھی اہل کتاب کی مثال دے کر ہمیں بتلادیا تھا کہ گزشتہ قوموں کی تباہی و گمراہی کا ایک سبب یہ تھا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اختلافات پیدا کر دیئے۔دین میں غور و فکر کرنے کی ترغیب قرآن و حدیث میں دی گئی ہے۔لیکن قرآن مجید کی آیات کو خواہ مخواہ وجہ نزاع بنانے کی ممانعت اور مذمت شدید الفاظ میں کی گئی ہے۔مسند احمد اور ابن ماجہ میں روایت ہے۔عمرو بن شعیب اپنے والد اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے سنا کہ کچھ لوگ قرآن کریم میں اس طرح بحث کر رہے ہے کہ کہ ایک شخص ایک آیت پڑھتا ہے۔دوسرا اس کے مقابلے میں دوسری آیت پڑھتا ہے جو اس کے خیال میں پہلی آیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے مضمون کے مخالف مضمون پر مشتمل ہے۔ یہ سن کر آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسی حرکت کی وجہ سے تم سے پہلی امتیں گمراہ ہوئیں اور ہلاک ہوئیں۔ وہ بھی ایسا ہی کیا کرتی تھیں کہ اللہ کی کتاب کے بعض حصوں کو بعض سے ٹکرایا کرتی تھیں۔ حالانکہ اللہ کی کتاب ایک دوسرے حصے کی تصدیق کرنے والی ہو کر نازل ہوئی ہے۔ اس لئے تم اس میں اختلاف کر کے اس کی تکذیب نہ کرو۔ اس کا جو حصہ تم سمجھ لو وہ تو بیان کر دو جو حصہ سمجھ نہ آئے اسے اس کے حوالے کر دو جو اسے جاننے والا ہے۔ (۲۲)

دارمی کی ایک روایت میں حضرت ابو الدرداء سے مروی ہے کہ جو چیزیں اسلام کو فنا کر دینے والی ہیں ان میں ایک بات منافق کا قرآن میں جھگڑا ڈالنا بھی ہے" (۲۳) امام احمد بن حنبل، امام ابو داؤد اور امام حاکم حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ "المراء فی القرآن کفر" (۲۴) (قرآن میں جھگڑا کرنا کفر ہے)

اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ "اختلاف رائے" کی اجازت اور گنجائش سے فائدہ اٹھا کر اللہ کی کتاب سے دلائل تلاش کر کے گروہی نقطہ ہائے نگاہ کو تقویت دینے کی کوشش کرنا اور اسی بنیاد پر لوگوں کو گروہوں میں تقسیم کرنا، نبی کریم ﷺ کی اس حدیث مبارکہ کی روشنی میں قابل مذمت فعل ہے۔ قرآن مجید کے پوشیدہ اسرار میں غواصی اور چیز ہے اور مخصوص نقطہ نگاہ کی تائید کیلئے قرآنی آیات کو کھینچ کھینچ کر استعمال کرنا بالکل مختلف چیز ہے۔

اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ دین کے مسائل اور اس کی توضیح و توجیہہ میں اختلافِ رائے کی گنجائش تو ہو سکتی ہے لیکن ان توضیحات کو لوگوں کے درمیان نزاع اور جھگڑے کا سبب بنا دینا کسی صورت بھی روا نہیں ہے۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر۔۔۔۔؟ سورۃ المائدۃ کی آیات نمبر ۱۱۴ اور الشوریٰ کی آیات نمبر ۱۴ (جن کا ذکر کیا گیا ہے) یہ بات واضح کرنے کیلئے کافی ہیں کہ دین بالکل واضح اور غیر مبہم ہے۔ اس کی تعبیر و تشریح میں لوگوں کو گروہوں میں بانٹنا اور پھر انہیں تشدد پر اکسانا کسی بھی صورت میں شریعت کی روح سے مطابقت نہیں رکھتا۔

نبی کریم ﷺ نے فتنے فساد کی مذمت کرتے ہوئے فرمایا:

"الفتنة نائمة لعن الله من ایقظه" (۲۵)

(فتنہ سویا ہوا ہوتا ہے۔ اللہ کی لعنت ہو اس شخص پر جو اسے زندہ کرتا اور جگاتا ہے)

فتنے کو جگانے کا مطلب ہے کہ لوگوں کو بھول چکا ہو اور کوئی شخص لوگوں کو دوبارہ اس کی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یاد دلائے اور گڑھے مردے دوبارہ اکھاڑنے لگے۔

نبی کریم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا کہ لوگ اتحاد کی بجائے تفرقے میں پڑ جائیں ظاہر ہے جب لوگ گروہوں میں بٹ جائیں تو فتنہ فساد ہی برپا ہو گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"من شذشذالی النار"(۲۶) (جو شخص جماعت سے الگ ہوا اللہ تعالیٰ اسے آگ میں دھکیل دیں گے)

بخاری اور مسلم شریف میں حدیث نبوی ﷺ منقول ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"من خرج من السلطان شبراً مات میتة جاهلیة"(۲۷)

(جو کوئی سلطان کی اطاعت سے بالشت بھر دور ہوا اور اس حال میں اس کی موت واقع ہوئی تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہے)

بخاری شریف ہی کی ایک اور روایت ہے:

"من فارق الجماعة شبراً فمات الامات میتة جاهلیة"(۲۸)

مسلم شریف میں روایت ہے:

"من فارق الجماعة شبراًفمات فمیته جاهلیة"(۲۹)

جو شخص جماعت سے بالشت بھر دور ہوا اور مر گیا تو اس کی موت جاہلیت کی موت ہے)

مسلم شریف میں روایت ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"جو شخص کسی دلیل کے بغیر اطاعتِ امیر سے ہاتھ کھینچ لے اس کی موت جاہلیت کی موت ہو گی"(۳۰)

مسلم شریف میں فرمانِ نبوی ہے:

"من اتاکم وامرکم جمیع علی رجل واحدیریدان لیشق عصاکم اویفرق جماعتکم فاقتلوه"(۳۱)

(کوئی شخص تمہارے پاس آئے اور اپنے معاملے میں ایک شخص پر متفق ہو اور وہ تم میں پھوٹ ڈال کر تمہاری اجتماعیت کو پارہ پارہ کرنا چاہے تو ایسے شخص کو قتل کر دو)

آپ ﷺ نے فرمایا:

"انه ستکون هنات وهنات فمن ارادان یفرق امرهذه الامةوهی جمیع فرضربوه بالسیف کائنامن کان"(۳۲)

(قریب ہے فتنے برپا ہوں پھر کوئی امت کے اتحاد و اتفاق کو بگاڑنے کی کوشش کرے تو اسے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تلوار سے قتل کر ڈالو خواہ وہ کوئی بھی ہو)

بد امنی اور فتنے کے زمانے میں نبی کریم ﷺ نے ہمیں یہی تلقین فرمائی ہے کہ ہم اتحاد و یگانگت اور نظم کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ حضرت حذیفہ بن الیمانؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے بعد آنے والے فتنوں کا ذکر فرمایا تو میں نے پوچھا کہ اگر میں اس زمانے میں موجود ہوں تو کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا:

"تلزم جماعۃ المسلمین وامامھم" (مسلمانوں کی جماعت سے منسلک رہنا اور ان کے امام سے تعلق قائم رکھنا)

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا اگر مسلمانوں کی جماعت اور ان کا امام موجود نہ ہوں تو پھر کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تو پھر سب فرقوں کو چھوڑ دے اور اگرچہ ایک درخت کی چباتے چباتے تو مر جائے۔ (۳۳)

آپ ﷺ کے بیان کا مقصد و مدعا یہ ہے کہ مرتے دم تک مسلمانوں کی جماعت کا ساتھ دینا اور امام کی اطاعت کرتے رہنا کیونکہ اس سے طوائف الملوکی، بد نظمی اور انتشار پیدا ہوتا ہے جس سے مملکت کمزور یا مکمل طور پر ختم ہو جاتی ہے۔ دیگر روایات موجود ہیں جن میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ امیر کی اطاعت ہر حالت میں جاری رکھی جائے۔ فتنے فساد کے حالات میں نبی کریم ﷺ نے ایسا طرز عمل اختیار کرنے کی تلقین فرمائی جس میں فرد کا نقصان کم سے کم ہوتا ہے۔ فرد اگر جماعت سے کٹ جائے تو اس میں اس کا نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ آپ ﷺ نے افراد کو فرداً فرداً بکھر جانے کی کسی صورت اجازت نہیں دی بلکہ اپنے آپ کو نظم میں پروئے رکھنے کا حکم دیا۔

تقریباً تمام کتب حدیث میں مسلمانوں کو اس بات کا پابند بنایا گیا ہے کہ وہ ریاست کے اقتدار اعلیٰ کے استحکام کیلئے امن و سکون سے رہیں۔ انکا رویہ اطاعت شعاری ہونا چاہیئے نہ کہ شر پسندی۔ انہیں جائز حدود کے اندر جو احکام دئے جائیں وہ ان کی پابندی کریں تاکہ مملکت کا استحکام متاثر نہ ہونے پائے۔ انہیں امیر مملکت کی ہر ممکن حد تک اطاعت کرنی چاہیے۔ (۳۴)

اتحاد کو چھوڑ کر انتشار کی فضا پیدا کرنے والوں کی موت کو جاہلیت کی موت مرنا قرار دیا گیا (۳۵)

جاہلیت کی موت مرنے کے کئی ایک معانی ہیں۔ مثلاً یہ جہالت کی بات ہے کہ کوئی شخص جماعت کو چھوڑ کر تنہا ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنا لے۔ دوسرے یہ کہ یہ دورِ جاہلیت کے طرز عمل سے مشابہت ہے کہ جماعت کو چھوڑ کر تنہا پرواز کرنے لگے۔ اسلام نے تو ہمیں وحدت کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سبق دیا لیکن یہ پھر جاہلیت کی روش اختیار کرتا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے واشگاف الفاظ میں ہمیں متنبہ فرمایا کہ میرے بعد ایک دوسرے کی گردنیں نہ کاٹنے لگ جانا۔ فرمایا :

"لاترجعوا بعدی کفاراً یضرب بعضکم رقاب بعض" (۳۶)

(میرے بعد کفر کی طرف نہ لوٹ جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگے جاؤ)

دوسری جگہ فرمایا :

"فلا تقتلن بعدی" (۳۷) (میرے بعد آپس میں لڑنے مت لگنا)

آپ ﷺ نے فرمایا : جو شخص کسی مومن کو ستاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے اوندھے منہ جہنم میں ڈالیں گے (۳۸) آپ ﷺ نے فتنے فساد کے دور کی نشاندھی فرمائی اور اس دور میں ایک مسلمان کے طرز عمل کے بارے میں راہنمائی بھی فرمائی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا :

"مامن مسلمین التقیا باسیافھا الاکان القاتل والمقتول فی النار" (۳۹)

(جب دو مسلمان آپس میں تلوار لے کر لڑیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں جائیں گے)

آپ ﷺ نے مقتول کے جہنمی ہونے کا سبب یہ بیان فرمایا کہ وہ بھی تو دوسرے کو قتل کرنے کیلئے تلوار لے کر نکلا تھا۔ اگر اس کا داؤ چلتا تو یہ اسے قتل کر دیتا۔ اب دوسرے کا داؤ چل گیا۔

نبی کریم ﷺ نے فتنے اور بدامنی کے ماحول میں خصوصی طور پر ہدایات دی ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ فتنے فساد کے ماحول میں اپنی زبان کو خاص طور پر قابو میں رکھا جائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ فتنے فساد کے ماحول میں زبان سے کوئی بری بات کہنا تلوار چلانے سے بھی زیادہ سخت اور برا کام ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا :

"ایاکم والفتن فان اللسان فیھا مثل وقع السیف" (۴۰)

(فتنوں سے بچو کیونکہ اس صورتِ حال میں زبان تلوار سے بھی زیادہ بدتر کردار ادا کرتی ہے)

آپ ﷺ نے فرمایا :

"من کان یومن باللہ والیوم الاخر فلیقل خیراً اولیصمت" (۴۱)

(جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ وہ خیر کی بات کہے یا پھر خاموشی اختیار کرے)

فتنوں سے دور رکھنے کیلئے آپ ﷺ نے فرمایا :

"گونگے اور بہرے فتنے پیدا ہوں گے جو ان کی طرف دیکھے گا وہ فتنے اسے اپنی طرف کھینچ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لیں گے۔اس فتنے کے دور میں زبان کھولنا تلوار مارنے کی مانند ہوگا۔(۴۲) آپ ﷺ نے فرمایا: جب مسلمانوں کے اندر فتنہ فساد پیدا ہو جائے اور اس بات کی وضاحت نہ ہو رہی ہو کہ سچا کون ہے اور جھوٹا کون، تو ان سب سے کنارہ کشی اختیار کر لو۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"القاعدفیھاخیر من القائم فیھاخیرمن الماشی والماشی فیھاخیرمن الساعی فکسروقتیکم وقطعوااوثارکم وضربوبسیوفیکم الجارة فلیکن کخیران ادم"(۴۳)

(فتنے کے زمانے میں جو شخص بیٹھا ہے وہ کھڑے ہوئے شخص سے بہتر ہے اور کھڑا ہوا شخص اس شخص سے بہتر ہے جو چل رہا ہے اور جو چل رہا ہے وہ بہتر ہے اس سے جو دوڑ رہا ہو۔ ان فتنوں میں اپنی کمانیں توڑ ڈالو۔ کمانوں کے چلے کاٹ ڈالو اور اپنی تلواریں پتھر پر مار کر کند کر دو۔ اگر کوئی فتنہ باز کسی کے گھر میں گھس آئے کہ اسے قتل کرے تو وہ ایسا ہی کرے جیسا آدم علیہ السلام کے بیٹوں میں سے اس نے کیا تھا۔ جو بہتر تھا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"جب مسلمانوں میں فتنہ پیدا ہو جائے تو چاہیے کہ لکڑی کی ایک تلوار بنالے"(۴۴)

ان تمام فرامین کا مفہوم و مقصود یہی ہے کہ ان فتنوں میں شریک نہ ہوا جائے۔ اگر کوئی زیادتی کر بھی جائے تو محض امن وامان کی خاطر اس کی زیادتی کو برداشت کر لو۔ آپ ﷺ نے فرمایا عنقریب ایک فتنہ پیدا ہوگا اور مسلمانوں میں اختلاف پیدا ہوگا جب یہ زمانہ آئے تو تو اپنی تلوار لے کر احد پہاڑ پر چلا جا اور تلوار کو اس پر مار۔ یہاں تک کہ یہ ٹوٹ جائے۔(۴۵) اس حدیث مبارکہ کا معنی بھی یہی ہے کہ اس اختلاف میں کسی ایک گروہ کا ساتھ دینے کی بجائے اپنے آپ کو الگ تھلگ کرے۔ اختلافات اور فتنے کے زمانے میں کسی ایک گروہ کے ساتھ شریک ہو کر فتنے کو مزید ہوا دینے کی بجائے آپ ﷺ نے فرمایا:

"تکون فتنة علی ابوابھادعاة الی النار فان تموت وانت عاض علی جذل شخرة خیرلک من تتبع احدامنھم"(۴۶)

(ان کے دروازوں پر فتنے پیدا ہوں گے۔ دوزخ کی طرف بلانے والے ہوں گے۔ پھر اگر تو درخت کی جڑ کو چباتا ہوا مر جائے تو یہ تیسرے لئے بہتر ہے اس سے کہ تو ان کو بلانے والوں میں ہے۔ کسی ایک کی پیروی کرے۔)

فتنے فساد سے الگ تھلگ رہنے کے حوالے سے آپ ﷺ نے فرمایا:

"خوش نصیب ہے وہ شخص جو فتنوں سے دور رکھا گیا۔ آپ ﷺ نے یہ الفاظ تین مرتبہ دھرائے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فرمایا: خوش نصیب ہے وہ شخص جو فتنوں میں مبتلا ہوا اور صبر کیا اور افسوس ہے اس شخص پر جو فتنے سے دور نہ ہو اور صبر نہ کیا" (۴۷)

آپ ﷺ نے فرمایا:

"فتنوں سے بچنے کی خاطر اپنی چند بکریاں لے کر کسی الگ تھلگ جگہ پر چلے جانا فتنوں میں ملوث ہونے سے بہتر ہے۔ (a۔۴۷)

پوری دنیا اس وقت مختلف عصبیتوں سے زہر آلود ہو چکی ہے۔ لوگ رنگ، نسل، مذہب اور زبان کی عصبیتوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے ان تمام عصبیتوں کا بڑی شدت سے خاتمہ فرمایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"لیس منامن دعاالی عصبیة ولیس منامن قاتل علی عصبیة ولیس منامن مات علی العصبیة" (۴۸)

(وہ ہم میں سے نہیں جس نے دوسروں کو کسی عصبیت کی طرف دعوت دی۔ وہ ہم میں سے نہیں جس نے دوسروں کے ساتھ عصبیت کی بنیاد پر لڑائی کی اور وہ شخص ہم میں سے نہیں جو عصبیت پر مارا گیا)

آپ ﷺ نے فرمایا:

"ان اللہ عزوجل قداذھب عنکم عبیة الجاھلیةوفخرھابالاباء موسن تقی وفاجرشقی انتم بنوآدم وآدم من تراب لیدعن رجال فخرھم باقوام انما ھم فحم من فحم جھنم اولیکونن اھون علی اللہ من الجعلان التی تدفع بانفھاالفتن" (۴۹)

(بے شک اللہ عزوجل نے جاہلیت کا عیب اور اپنے آباء پر فخر کرنا تم سے دور کر دیا ہے یعنی تمہیں ایسا کرنے سے منع کر دیا گیا ہے۔ انسان دو ہی طرح کے ہیں۔ متقی مومن اور دوسرے بد کردار سخت دل والا۔ تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے پیدا ہوئے تھے۔)

اس کے مقابلے میں قرآن مجید نے ہمیں یہ تصور دیا کہ سب مسلمان آپس میں برابر ہیں۔ کسی کو کسی پر کوئی برتری نہیں کہ دوسروں سے اپنے آپ کو برتر سمجھ کر انہیں ادنیٰ انسان سمجھنے لگے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص عصبیت کے اندھے پن میں غضب ناک ہوتا ہے تو اس کا یہ غضبناک ہونا اور لڑنا جاہلیت کا لڑنا ہے۔" (۵۱)

آپ ﷺ نے فرمایا: عصبیت جاہلیہ یہ ہے کہ ظلم وزیادتی کے کاموں میں بھی اپنی قوم کی حمایت کرے (۵۲) آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی قوم کی محبت مذموم وناپسندیدہ چیز نہیں۔ ناپسندیدہ چیز یہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے کہ گناہ کے کاموں میں بھی اپنی قوم کا ساتھ دے (۵۳)

آپ ﷺ نے فرمایا:

"ومن قتل تحت راية عمية يغضب لعصبية ويقاتل لعصبية فليس من امتى" (۵۴)

(جو شخص اندھے تعصب کے تحت لڑا، عصبیت کے جوش میں طیش میں آتا ہے دوسروں سے تعصب کی بنیاد پر لڑتا ہے تو ایسا شخص مجھ سے نہیں)

مسلم شریف میں روایت ہے:

"ومن قاتل تحت راية عمية بغضب لعصبية اويدعوا الى عصبية اوينصر عصبية فقتل فقتله جاهليه (۵۵)

(جو شخص اندھے تعصب کے تحت جنگ کرتا ہے، تعصب کے تحت غضب میں آتا ہے، دوسروں کو عصبیت کے نعرے کے تحت بلاتا ہے یا عصبیت کے تحت کسی کی مدد کرتا ہے اور مارا جاتا ہے تو اس کا یہ قتل جاہلیت کی موت ہے۔)

سراقہ بن مالک کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اپنی قوم کی جانب سے ظلم کی مدافعت کرے جب تک وہ گناہ کا مرتکب نہ ہو۔ (۵۵)۔ گویا نبی کریم ﷺ نے قوم کا ساتھ دینے کی حدیں بھی بیان فرمادیں کہ قوم کی مدد صرف اس حد تک ہو کہ قوم کا موقف حق وانصاف پر مبنی ہو۔ جتھے بندی، گروہی سیاست، پریشر گروپ تشکیل دے کر ذاتی گروہی اور سیاسی مفادات حاصل کرنے کی خاطر دوسروں کی مدد کرنا اور مفاد پرست گروہ قائم کرنا، اس حدیث کی زد میں آتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص ناحق طور پر اپنی قوم کی حمایت کرے وہ اس اونٹ کی مانند ہے جو کنویں میں گر پڑے اور اسے دم سے پکڑ کر باہر نکالا جائے۔ (۵۶)

حضرت جابرؓ سے روایت ہے دو لڑکے لڑ پڑے۔ ان میں سے ایک مہاجر تھا۔ دوسرا انصاری۔ مہاجر نے اپنے مہاجر اور انصاری نے اپنے انصاری ساتھی کو مدد کیلئے پکارا۔ نبی کریم ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا: ماهذا دعوىٰ اهل الجاهلية "(یہ کیا ہے جاہلیت کے انداز سے مدد کیلئے پکارنا) لوگوں نے کہا یارسول اللہ ﷺ یہ کوئی بڑا مقدمہ نہیں بلکہ دو لڑکے باہم لڑ پڑے۔ ایک نے دوسرے کو سرین پر مارا ہے۔ پھر آپ ﷺ کو اطمینان ہوا اور فرمایا کچھ ڈر نہیں" (۵۷)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حضرت جابرؓ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک غزوے میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک تھے کہ ایک مہاجر نے ایک انصاری کی سرین پر مارا۔ انصاری نے انصاریوں کو اور مہاجر نے مہاجرین کو بلایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا "یہ تو جاہلیت کا پکارنا ہے" صحابہؓ نے کہا یارسول اللہ ﷺ یہ تو معمولی سی بات ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: چھوڑو یہ تو ایک گندی (ناپسندیدہ) بات ہے"(۵۸)

نبی کریم ﷺ اپنے فہم و فراست کی بنیاد پر اس بات سے آگاہ تھے کہ اگر پرانے قبائلی تعصّبات نے دوبارہ سر اٹھالیا تو ان تعصّبات کو دبایا نہیں جاسکے گا۔ اس لئے آپ ﷺ نے بڑی سختی کے ساتھ تعصّبات کا استیصال فرمادیا۔ آپ ﷺ کے یہ خدشات بدقسمتی سے بالآخر نمودار ہوگئے اور وہی ہوا جس کے خدشات موجود تھے۔ آپ ﷺ کی وفات کے ساتھ ہی مدعیان نبوت نے بھی قبائلی تعصّبات کی بنیاد پر ہی دعویٰ نبوت کیا۔ حضرت علیؓ کو اسی عصبیت کی بنا پر اکسانے کی کوشش کی گئی لیکن آپؓ کا فرمان تمام تعصّبات کی جڑ کاٹنے والا ہے کہ مسلمان ایک دوسرے کے خیر خواہ ہوتے ہیں خواہ وہ علاقائی طور پر کتنے ہی فاصلے پر ہوں۔(۵۹)

منافق لوگ کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیتے اور مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کے درپے رہتے۔ غزوہ بنو مصطلق یا مریسیع سے فارغ ہونے کے بعد مسلمان ابھی چشمہ مریسیع پر خیمہ زن تھے کہ پانی حاصل کرنے کے دوران ایک انصاری اور ایک مہاجر کے درمیان جھگڑا ہوگیا۔ انصاری کا خون جاری ہوگیا۔ اس نے انصار کے خلاف مہاجرین کو پکارا۔ ہتھیار نکال لئے گئے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اس طرح کا پکارنا تو جاہلیت کا پکارنا ہے۔ بعد میں ان لوگوں کی آپس میں صلح ہوگئی۔ لیکن منافقین کو پتہ چلا تو عبداللہ ابن ابی بھاگا آیا۔ اس نے اس واقعے کو خوب اچھالا۔ انصار سے کہنے لگا کہ کیا سب کچھ تمہاری وجہ سے ہوا۔ جب عبداللہ ابی کی ہرزہ سرائی کا صحابہ کرامؓ کو علم ہوا تو خواہش ظاہر کی کہ اسے قتل کردیا جائے۔ لیکن آپ ﷺ نے حلم وبردباری اور دوراندیشی کا مظاہر فرمایا اور درگزر فرمایا۔ آپ ﷺ کے اس رویے کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے اپنے ساتھی اس کی مذمت کرنے لگے اور انہیں یہ احساس ہوگیا کہ ان کا لیڈر ہی جارحیت کا مرتکب ہورہا ہے اور حضور ﷺ کا رویہ نہایت ہی صبر و تحمل پر مبنی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں تمہارے مشورے پر عمل کرلیتا تو جوش انتقام میں عصبیت کی فضا پیدا ہو جاتی اور اب اس کے اپنے حامی اس کی مذمت کررہے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ بے شک آپ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کادرگزر خیروبرکت کاذریعہ ثابت ہوا ہے۔(59a)

آپ ﷺ کے اس اسوہ کی پاکستان کے خصوصی حوالے سے اہمیت بہت زیادہ ہے۔ تعصّبات کو ابھارنے والے تعصبات کو اچھال رہے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ تعصبات کو ابھارنے والے اپنے کام میں لگے رہیں لیکن ہمیں اشتعال میں نہیں آنا چاہیے۔ صبر و تحمل سے کام لینا بہت عمدہ نتائج دے سکتا ہے۔ دشمن تو چاہتے ہیں کہ مسلمانوں کا شیرازہ بکھر جائے۔ اس صورت میں ہمیں احساس ذمہ داری کا ثبوت دینا چاہیے۔

ان تمام احادیث کی روشنی میں دیکھا جاسکتا ہے کہ آپ ﷺ نے تمام عصبیتوں کا استیصال فرمایا ہے۔ سیاسی مفادات اور جتھے بندی کی خاطر لسانی' علاقائی اور نسلی تعصب کو اچھالا جاتا ہے۔ عصبیت کی طرف بلانا ایک تو یہ ہے کہ زبان یا نسل میں ہم آہنگی رکھنے والوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا جائے۔ اس کی دوسری شکل یہ ہے کہ کسی ایک زبان یا نسل سے تعلق رکھنے والوں کو یہ تاثر دے کر اکٹھا کیا جائے کہ دوسرے تمہارا استحصال کر رہے ہیں۔ تم اپنے حقوق کے تحفظ کیلئے ہمارے پلیٹ فارم پر متحد ہو جاؤ۔ اسی ذہنیت سے سرشار ہو کر ایک نسل یا زبان کے لوگ باہم متحد ہو کر ایک دوسرے کی مدد کیلئے کمربستہ ہو جاتے ہیں۔ اس طرح کی جتھہ بندی کا اصل مقصد یہ بنا دیا جاتا ہے کہ دوسرے تمہارے حقوق کو پامال کرنے والے ہیں۔ اس طرح اکثر اوقات سیاسی مقاصد کے تحت عوام کو مختلف متحارب گروہوں کی شکل دے دی جاتی ہے۔

ان تعصبات کی روشنی میں پاکستان کے آئین میں یہ بات شامل کر دی جائے اور پھر اس کے مطابق قوانین تشکیل دیئے جائیں کہ کسی بھی مذہبی' سیاسی جماعت اور گروہ کو اس بات کی اجازت نہ ہو کہ گروہی بنیادوں پر کوئی تحریر اور لٹریچر طبع کروائے۔ اس سلسلے میں حکومت ایک مخصوص شعبہ تشکیل دے کر یہ ذمہ داری اس کے سپرد کرے کہ وہ کسی بھی طرح کی عصبیت اور گروہ بندی کے مواد کو منظر عام پر نہ آنے دے۔ موجودہ سنسر شپ کے نظام کا دائرہ وسیع کیا جاسکتا ہے۔ کوئی گروہی تحریر چھپوانے پر پابندی لگادی جائے۔ اشتعال پیدا کرنے والے مواد کو چھاپنے والے پریس کو پابند کر دیا جائے کہ قانون کی خلاف ورزی کی صورت میں شدید سزا دی جاسکتی ہے۔ اس طرح کا مواد تقسیم کرنے والے' لکھنے والے اور اس کام میں کسی بھی طرح کی معاونت کرنے والے کو سزا کا مستوجب قرار دیا جائے۔

اس سلسلے میں حکومت ذرائع ابلاغ' مذہبی علماء اور اساتذہ کرام کے ذریعے رواداری اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دوسروں کے احترام کیلئے خصوصی تحریک چلائے۔اور لوگوں میں شعور بیدار کیا جائے کہ وہ کسی طرح کا اشتعال پھیلانے والے کو ایسا کرنے کی اجازت ہی نہ دیں۔

اسلام بدامنی اور فتنے فساد کو ناپسند کرتا ہے۔وہ کبھی ایسی حرکت اور فعل کو روا نہیں رکھتا جو بدامنی پر منتج ہو۔عربوں کی عادت تھی کہ جب جنگ کیلئے نکلتے تو راستے میں لوگوں کو تنگ کرتے۔بدامنی پھیلاتے۔شور وہنگامہ کرتے۔لوگوں کیلئے راستہ چلنا مشکل ہو جاتا۔آپ ﷺ کے پاس اس کی شکایت پہنچی۔اس پر آپ ﷺ نے اعلان فرمادیا:

"من ضیق منزلا اوقطع طریقا فلا جهاد له"(۶۰)

(جن نے راستے کو تنگ کیا یا راہگیروں کو تنگ کیا اس کا جہاد نہیں ہوگا)

آپ ﷺ نے فرمایا:

"ان تفرقکم هذه الشعاب الاودیة انما ذالک الشیطان"(۶۱)

(تمہارا اس طرح وادیوں اور اور گھاٹیوں میں بے ترتیب پھیل جانا شیطانی فعل ہے)

ابو ثعلبہ خشنی کا بیان ہے کہ اس کے بعد کیفیت یہ ہو گئی تھی کہ جب کبھی اسلامی فوج کسی جگہ اترتی تو اس کا گنجان پڑاؤ دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اگر ایک چادر تان دی جائے تو سب اس کے نیچے سما جائیں گے(۶۲)اسی طرح جنگ کے سفر کے دوران شور وہنگامہ بپا ہوتا۔اس کا نام ہی دغی پڑ گیا تھا۔نبی کریم ﷺ نے اس طریق کار میں بھی اصلاح فرمائی۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے جب کسی وادی میں پہنچتے تو زور و شور سے تکبیر و تحلیل کے نعرے بلند کرتے۔اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ کہ لوگو! وقار کے ساتھ چلو تم جس ہستی کو پکار رہے ہو وہ نہ بہرا ہے نہ غائب۔وہ تو تمہارے ساتھ ہے۔وہ سب سنتا ہے اور بہت قریب ہے۔(۶۳)اسلام وہ واحد دین ہے جس نے حالت امن تو درکنار حالتِ جنگ میں بھی لوگوں کو تہذیب و شائستگی سکھائی۔نبی کریم ﷺ مجاہدین کو جو ہدایات دیا کرتے تھے ان میں نمایاں ہدایات یہ ہوتیں:

۱۔ عورتیں بچے اور بوڑھے قتل نہ کئے جائیں۔

۲۔ لاشوں کا مثلہ نہ کیا جائے۔

۳۔ دیگر مذاہب کی نہ تو عبادت گاہیں تباہ کی جائیں نہ ان کے مذہبی پیشواؤں کو قتل یا تنگ کیا جائے

۴۔ آبادیاں ویران نہ کی جائیں۔جانوروں کو ہلاک نہ کیا جائے۔ فصلیں تباہ نہ کی جائیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پھل دار درخت نہ کاٹے جائیں۔

۵۔ اگر دشمن سے کوئی عہد باندھا جائے تو اس وقت تک اس عہد کی خلاف ورزی نہ کی جائے جب تک دشمن خود اسے توڑنے کا اعلان نہ کر دے۔ لوگ اگر اطاعت کر لیں تو ان پر ہاتھ نہ اٹھایا جائے۔(۶۴)

دنیا کو شائستگی اور تہذیب سکھانے میں ان اصلاحات نے بڑا مؤثر کردار ادا کیا۔ ان تعصبات سے لوگوں کے ذہن اس انداز سے ڈھل گئے کہ وہ معمول کی زندگی میں بھی تہذیب وشائستگی کا دامن نہیں چھوڑتے تھے۔

جنگ خیبر کے بعد کچھ لوگ بے قابو ہوگئے۔ نبی کریم ﷺ کے سامنے شکایت کی گئی۔ اس پر آپ ﷺ نے مجاہدین کو جمع کیا اور فرمایا "اللہ نے یہ جائز نہیں کیا کہ اہل کتاب کے گھروں میں بلا اجازت گھس جاؤ یا ان کی عورتوں کو مارو پیٹو اور ان کے پھل کھاؤ۔ حالانکہ ان پر جو کچھ واجب تھا وہ تمہیں ادا کر چکے ہیں"(۶۵)۔ ایک موقع پر لوگوں نے بکریاں پکڑیں اور پکا ڈالیں۔ آپ ﷺ نے ان کی دیگچیاں الٹ دیں اور فرمایا کہ لوٹ گھسوٹ کا مال کھانا مردار کھانے سے بہتر نہیں ہے۔(۶۶) مسلم شریف میں روایت ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"من خرج من امتی علی یضرب برھاوفاجرھالا یتحاشی من مؤمنھاولا یفی لذی عھدھافلیس منی"(۶۶a)

(جو شخص میرے امت پر نکلے اس حال میں کہ وہ مارتا ہو بلا تمیز نیکوں اور بدوں کو اور مومن کو بھی نہ چھوڑے اور جس سے اس کا (امن کے ساتھ رہنے کا) عہد ہو اسے بھی پورا نہ کرے تو وہ میرے امت میں سے نہیں ہے۔)

ایک دوسری روایت میں ایسا کرنے والے کے بارے میں فرمایا:

"فلیس منی ولست منہ"(۶۶B) (یعنی اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں اور میں اس سے کوئی تعلق نہیں رکھتا)

بخاری اور مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لا یشیر احدکم الی اخیہ بالسلاح فانہ لایدری لعل الشیطان یترع فی یدہ فیقع فی حفرۃ من النار"(۶۷)

حضرت ابو ہریرہؓ سے ہی مسلم شریف میں روایت ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"من اشارالی اخیه بحدیدة فان الملآئکة تلعنه حتی ینتهی وان کان اخاه لابیه وامه"(۶۸)

(میں نے اپنے بھائی کی طرف لوہے کی کسی چیز کے ساتھ اشارہ کیا تو اس فعل کے ختم ہونے تک فرشتے اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں۔ اگر وہ اس کا بھائی بیٹا اور ماں ہی کیوں نہ ہو)

ترمذی شریف میں دو روایات ہیں۔ وہاں یہ مضمون دو جگہ ہے۔(۶۹)

ابی بکرہؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اذاتواجه المسلمان بسیفهمافالقاتل والمقتول فی النار"(۷۰)

جب دو مسلمان اپنی تلواروں کے ساتھ ایک دوسرے کے آمنے سامنے آگئے (اور ایک نے دوسرے کو قتل کر دیا) تو قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہیں۔ اس میں صاف ظاہر ہے کہ یہ حکم اس وقت عائد ہوگا جب وہ کسی دنیوی غرض اور مفاد کو حاصل کرنے کیلئے ایک دوسرے کے مدمقابل ہوں۔ اگر مقصد کسی برائی کے خاتمے کیلئے ایک نے دوسرے پر تلوار اٹھائی تو اس میں قاتل جہنمی نہیں ہوگا۔

نبی کریم ﷺ نے وہ تمام بنیادیں مسمار فرمادیں جو باہم عداوتیں پیدا کرتی اور فتنہ فساد کا سبب بنتی ہیں۔

ابوداؤد شریف میں روایت ہے کہ صحابہ کرامؓ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ ایک سفر پر تھے۔ ایک شخص سو گیا اور کسی دوسرے نے ------ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"لایحل لمسلم ان یروع مسلماً"(۷۱)

(مسلمان کیلئے یہ حلال نہیں کہ وہ دوسرے مسلمان کو مرعوب وخوفزدہ کرے)

ایک دوسری روایت اس طرح ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لایحل لرجل ان یروع مسلماً"(۷۲)

(کسی شخص کیلئے حلال نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو مرعوب وخوفزدہ کرے)

اسی طرح کی ایک اور روایت جو ابن عمرؓ سے مروی ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"لایحل لمسلم اومؤمن ان یروع مسلماً"(۷۳)

(مسلمان یا مومن کیلئے یہ حلال نہیں کہ وہ دوسرے مسلمان کو مرعوب وخوفزدہ کرے)

ترمذی شریف میں روایت ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"لا یاخذن احدکم متاع اخیه لاعبا ولا جادا"(۷۴)

(تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی کوئی چیز ہنسی مزاح یا اس کی اہانت کرنے یا تنگ کرنے کیلئے نہ اٹھائے)

مسند بزاز' طبرانی اور ابن حبان کی صحیح میں روایت ہے۔ایک شخص نے دوسرے شخص کا جوتا اٹھایا اور اسے غیب کر دیا۔وہ اس سے مزاح کر رہا تھا۔اس بات کا ذکر رسول اللہ ﷺ کے سامنے کیا گیا۔آپ ﷺ نے فرمایا:

"لا تروعوا المسلم فان روعة المسلم ظلم عظیم"(۷۵)

(کوئی مسلمان کو نہ ڈرائے۔بے شک مسلمان کو ڈرانا بہت بڑا ظلم ہے)

طبرانی میں ایک روایت ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے۔ایک شخص اٹھ کر باہر چلا گیا لیکن اپنا جوتا بھول گیا۔لوگوں نے اسے چھپا لیا۔جب وہ واپس آیا تو اس نے اپنے جوتے کے بارے میں پوچھا۔لوگوں نے لاعلمی کا اظہار کیا۔بعد میں لوگوں نے بتایا کہ انہوں نے ایسا از راہ مزاح کیا تھا۔آپ ﷺ نے دو تین مرتبہ یہ الفاظ دہرائے۔

"فکیف بروعة المؤمن"(۷۶) (مومن کو ڈرانا کیسا؟)

طبرانی میں ایک اور روایت ہے۔ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس شخص نے کسی مومن کو ڈرایا تو اللہ نے اپنے اوپر لازم ٹھہرا لیا ہے کہ وہ اسے قیامت اسی طرح خوف زدہ کریں گے

ابن عمرؓ سے ہی ایک اور روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے کسی مسلمان کی طرف اسے ڈرانے کیلئے دیکھا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اسے اسی طرح ڈرائیں گے(۷۷)

کسی بھی فتنے اور بدامنی کی فضا سے بچنے کیلئے اسلام کی حکمت عملی کمال احتیاط پر مبنی ہے آپ ﷺ نے فرمایا کوئی شخص اسلحہ یا اور ایسی چیز جس سے کسی کو تکلیف یا زخم پہنچنے کا خدشہ ہو سکتا ہو' غیر محتاط انداز سے لے کر نہ چلے۔ابوداؤد شریف میں روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک شخص کو حکم فرمایا جو مسجد میں تیر لے کر جا رہا تھا کہ وہ جب تیروں کو لے کر نکلے تو ان کی پیکانوں کو پکڑ کر رکھے۔ایسا نہ ہو کہ اس کی نوک کسی کو لگ جائے۔ایسی صورت میں جب پیکان کو پکڑا ہوگا اگر تیر کسی کو لگ بھی جائے تو نقصان یا تکلیف نہیں ہوگی(۷۸)ایک اور حدیث مبارکہ میں آپ ﷺ نے فرمایا:

"جو شخص تم میں سے بازار یا مسجد میں آئے اور اس کے ہاتھ میں تیر ہوں تو ان کی نوک والی سمت کو اپنے ہاتھ میں پکڑ کر رکھے یا اس نوک کو مٹھی میں دبائے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رکھے۔ایسا نہ ہو کہ کسی مسلمان کو لگ جائے"(۷۹)

گویا ان احادیث میں فرمایا گیا کہ اسلام اس بات کو بھی گوارا نہیں کرتا کہ کسی مسلمان کے ہاتھ سے غیر ارادی طور پر کسی دوسرے مسلمان کو نقصان اور تکلیف پہنچے۔ چہ جائے کہ مسلمان دوسروں کے خلاف ہتھیار بند ہو کر لڑے۔ فرمایا گیا کہ ایسا نہ ہو کہ غیر ارادی طور پر تیر کی نوک کسی کو لگ جائے اور وہ تکلیف کی حالت میں مشتعل ہو کر جوابی حملہ کر دے حالانکہ اسمیں دوسرے شخص کی نیت داخل نہ تھی۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ نے ننگی تلوار لے کر چلنے سے بھی منع فرمایا۔ حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں :

"نھی رسول اللہ ﷺ ان یتعاطی السیف مسلولا"(۸۰)

(نبی کریم ﷺ نے کسی کو ننگی تلوار دینے (پکڑنے) سے منع فرمایا (مبادا اس کو اچانک لگ جائے)

مسلم شریف میں روایت ہے کہ ایک شخص تیر لے کر مسجد میں آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ انہیں پیکانوں سے پکڑ لو(۸۲) دوسری حدیث میں وضاحت ہے کہ پیکانوں سے پکڑ لو ایسا نہ ہو کہ کسی کو لگ جائے۔(۸۳) ابو موسیٰ کہتے ہیں کہ اللہ کی قسم ہم نہیں مرے کہ اس کے بعد ہم نے تیر دوسروں کے منہ پر ہی مارا۔ یعنی تیر چلایا تو جنگ کے دوران ہی چلایا"(۸۴)

حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا :

"جس نے ہمارے اوپر ہتھیار اٹھایا وہ ہم میں سے نہیں ہے"

"من حمل علینا السلاح فلیس منا"(۸۵) (یہاں ایک بہت بڑی وعید سنائی گئی ہے نبی کریم ﷺ اگر کسی شخص کو اپنے امتیوں میں سے نکال دیں تو اس شخص کی بد نصیبی اور کیا ہو سکتی ہے؟ حدیث مبارکہ کا مفہوم یہی ہے کہ ایسا کرنے والا ایسے کام کا مرتکب ہوا جو نبی کریم ﷺ کے امتی کے شایان شان نہیں ہے۔

بخاری اور مسلم شریف میں روایات ہیں کہ جب دو مسلمان ایک دوسرے کے خلاف تلوار اٹھا کر آمنے سامنے آجاتے ہیں تو وہ دونوں جہنم کے کنارے پر ہوتے ہیں۔ پھر جب ایک نے دوسرے کو قتل کر دیا تو دونوں جہنم میں چلے گئے۔ آپ ﷺ سے پوچھا گیا کہ مقتول کیسے جہنمی ہوگا؟ فرمایا کہ اس نے بھی تو دوسرے کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تھا۔(۸۶)

ان احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ ایک شخص کا دوسرے کے خلاف تلوار اٹھا کر حملہ آور ہو جانا ہی یہاں مراد نہیں بلکہ اس سے مراد اسلحہ تیار کرنا۔ دوسرے کے خلاف منصوبہ بندی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کرنا، دشمنی کی فضا تیار کرنا۔ جتھہ بندی کر کے لوگوں کو مقابلے کیلئے تیار کرنا بھی ہوگا۔ خصوصی طور پر آج کے دور کے اعتبار سے دیکھا جائے تو ان احادیث کی اہمیت کہیں بڑھ جاتی ہے کہ ہر فرد جس کے بارے میں توقع تو یہ تھی کہ وہ ایک دیوار کی اینٹوں کی مانند ایک دوسرے کیلئے تقویت کا باعث ہوگا، وہ اپنے ہی بھائی کے خلاف کسی نہ کسی انداز سے برسرِ پیکار ہے۔ آج ہر شخص اپنے مسلمان بھائی سے اسلحہ کی زبان سے بات کرتا ہے اور دورِ جاہلیت کی طرح دوسروں کو اسلحہ سے ڈرا کر اپنی دھاک بیٹھانے کے منصوبے بنا رہا ہے۔ مل جل کر زندگی گزارتے ہوئے لوگوں کے درمیان اختلافات کا پیدا ہونا ایک فطری امر ہے۔ نبی کریم ﷺ نے اس شخص کیلئے بڑے انعام کا ذکر فرمایا جو باہمی نزاعی معاملات میں ضبط و تحمل اور عفوودرگزر سے کام لیتے ہوئے کشیدگی سے اجتناب کرتا ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اگر کوئی شخص دوسرے سے نزاعی معاملات میں الجھنے سے اجتناب کرے حالانکہ وہ حق پر تھا تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت کے وسط میں ایک محل تیار کرتے ہیں۔ (۸۸)

اگر کسی موقع پر دو مسلمانوں یا مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان کوئی نزاعی مسئلہ پیدا ہو جائے اور خدشہ ہو کہ اس سے امن وامان کو خطرہ لاحق ہو جائے گا تو ہمیں اس بات کی اجازت نہیں کہ ہم خاموش تماشائی، غیر جانبدار (Nectral) بن کر کنارے پر بیٹھ جائیں اور ان کے معاملے کو سلجھانے کیلئے کوئی کردار ادا نہ کریں۔ اس سلسلے میں قرآن مجید کی تعلیم یہ ہے کہ:

"وَاِنْ طَآئِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا فَاِنْ بَغَتْ اِحْدٰهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ۔ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ" (۸۹)

(اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان میں صلح کروا دیا کرو۔ پھر اگر ان میں سے ایک گروہ دوسرے سے زیادتی کرنے لگے تو زیادتی کرنے والے گروہ سے لڑو۔ یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کو مان لے۔ اگر وہ ایسا کر لے تو دونوں میں برابری کی بنیاد پر صلح کروا دو۔ (صلح کے اس عمل میں) عدل کا خیال رکھو۔ بے شک اللہ تعالیٰ عدل کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں)

یہاں برابری کی بنیاد پر عدل کے اصول کے تحت صلح صفائی کروانے کا حکم دیا گیا ہے۔ اگر ہم اپنے معاشرتی ماحول میں غور کریں تو اس ہدایت کی اہمیت بہت زیادہ نمایاں طور پر دکھائی دیتی ہے۔ یہ بات عموماً مشاہدے میں آئی ہے کہ صلح کرواتے وقت بھی عموماً دھڑے بندی اور کمزور اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طاقتور کی بنیاد پر ہی فیصلے ہوتے ہیں ثالثوں کا رجحان کسی ایک مضبوط گروہ کی طرف ہو جاتا ہے۔

نبی کریم ﷺ کی ذاتِ گرامی نبوت سے قبل بھی اس آیت کریمہ کا عملی نمونہ تھی۔ نبوت سے قبل بھی عربوں کی بد نظمی اور جنگ و جدال کی کیفیت سے پریشان رہتے۔ جنگ و جدال میں مصروف لوگوں کو براہ راست سمجھانا تو ابتداء میں مشکل تھا لیکن آپ ﷺ نے آہستہ آہستہ لوگوں کا ذہن امن کی طرف موڑ دیا۔ آپ ﷺ کو جب موقع ملتا آپ ﷺ ان لوگوں کو جنگ کی ہولناکیوں سے آگاہ فرماتے۔ نبی کریم ﷺ دور نبوت سے قبل ایک معاہدہ امن خلف الفضول میں آپ شریک ہوئے اس معاہدے کے بارے میں آپ ﷺ کا ایک قول منقول ہے کہ میں اس معاہدے میں شریک ہوا تھا۔ اگر اس معاہدے کے مقابلے میں مجھے سو اونٹ بھی دیئے جاتے تو میں قبول نہ کرتا۔ (۹۰)

اگر مل جل کر رہتے ہوئے اگر تنازعہ پیدا ہو ہی جائے تو پھر دوسروں کو چاہیے کہ ان میں صلح کروادیں تاکہ یہ ناراضگی طول نہ پکڑے اور کینہ دلوں کے اندر پنپنے نہ لگ جائے۔

ہمارا مشاہدہ ہے کہ جب ایک مرتبہ کشیدگی کا آغاز ہو جاتا ہے تو پھر یہ کشیدگی بڑھتی ہی چلی جاتی ہے۔ شرپسند اور تماشہ دیکھنے والے لوگ ادھر ادھر سے سن کر باتیں کرتے ہیں اور فتنے کو ہوا دیتے ہیں۔ جس طرح جسم کے کسی حصے میں اگر کوئی فاسد مادہ موجود ہو تو وہ اندر ہی اندر اپنا زہر بڑھاتا جاتا ہے۔ اس فاسد مادے کا ایک ہی علاج ہوتا ہے کہ اس کا اپریشن کر کے اسے نکال باہر کیا جائے۔ اس کیفیت سے بچنے کیلئے نبی کریم ﷺ نے یہ حل دیا ہے کہ آپس کی ناراضگیوں کو زیادہ دیر تک طول نہ دیا جائے۔ اول تو لوگ خود ہی صلح کر لیں اگر ایسا امکان نہ ہو تو دوسرے لوگ صلح کا بندوبست کریں۔ یہ معاشرے کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے فرائض کا احساس کرے۔ معاشرتی شعور کو بیدار کیا جائے۔ معاشرے کو اپنے فرائض سے آگاہ کیا جائے۔ افراد معاشرہ اپنی ذمہ داری کو محسوس کریں کہ کشیدگی کو دور کرنا ان کا معاشرتی، اخلاقی اور شرعی فریضہ ہے۔ اگر شرعی اصطلاح میں بات کی جائے تو یہ معاشرے کا فرض کفایہ ہے کہ وہ کشیدگی ختم کرنے کا اہتمام کرے۔ بلکہ اس موقع پر تو شریعت اسلامیہ میں بڑی وسعت پائی جاتی ہے کہ دو فریقوں کے درمیان صلح کروانے کیلئے اگر کچھ جھوٹ بھی بولنا پڑے تو اس کی بھی اجازت ہے۔

مسلم شریف میں روایت ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لیس الکذاب الذی یصلح بین الناس ویقول خیرا وینمی خیرا" (۹۲)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


(وہ شخص جھوٹا نہیں جو لوگوں میں صلح کروائے اور بہتر بات کہے)

ابن شہاب زہری فرماتے ہیں کہ تین مواقع کے علاوہ کسی اور موقع کیلئے جھوٹ بولنے کی اجازت نہیں ہے۔ ایک لڑائی ختم کرانے کیلئے۔ دوسرے لوگوں میں صلح کروانے کیلئے یا میاں بیوی میں کسی غلط فہمی اور تنازعے کو ختم کرانے کیلئے۔(۹۴) ان تین صورتوں کے علاوہ اس صورت میں بھی جھوٹ بولنے کی اجازت ہے کہ ایک ظالم شخص کسی بے گناہ کو قتل کرنا چاہتا ہے اور مطلوبہ شخص کسی کے ہاں چھپا ہوا ہو تو اسے بچانے کیلئے جھوٹ بولنا واجب ہو جاتا ہے۔(۹۵) بعض علماء کا نقطہ نگاہ یہ ہے کہ اس موقع پر جو ظاہراً جھوٹ بولا جاتا ہے' اسے جھوٹ کہا ہی نہیں جاتا۔ اسے "توریہ" کہتے ہیں۔ جھوٹ ہر حال میں گناہ ہے۔(۹۶)

صلح کیلئے جھوٹ بولنے کی وضاحت یوں کی گئی ہے کہ صلح کرانے والا دونوں فریقوں کو عمدہ اور صلح کی طرف آگے لے جانے والی باتیں بتلائے کہ ان کے درمیان بدگمانیاں اور اشتعال پیدا کرنے والی باتیں کم ہوں۔ اس کام کو نبی کریم ﷺ نے یوں بیان فرمایا:

"الاخبرکم بافضل من درجة الصیام والصلاة والصدقة' قالوابلی! قال اصلاح ذات البین وفسادذات البین(۹۷)

(کیا میں تمہیں ایسا کام نہ بتاؤں جو روزہ نماز اور صدقہ سے بھی زیادہ افضل ہے۔ صحابہؓ نے کہا کہ آپ ﷺ بتلائیں۔ فرمایا دو بندوں کے درمیان صلح کروانا اور دو بندوں کے درمیان جھگڑے کو ختم کرانا)

## فساد کے اسباب اور ان کا تدارک

**غصہ واشتعال:** نبی کریم ﷺ نے فتنے فساد کے محرکات کا مستقل طور پر سدباب کر کے ان اسباب کا تدارک فرمادیا جو اس کا سبب بنتے ہیں۔ اس سلسلے میں اسلام کا نظامِ اخلاق سنگ بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے۔ غصہ وہ بنیادی جڑ ہے جو فساد کے آغاز کا سبب بنتا ہے۔ قرآن مجید میں ہے غصے کو قابو میں رکھنے والے اللہ کو بہت محبوب ہیں۔ فرمایا:

"وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ"(۹۸)

(وہ لوگ جو اپنے غصہ پر قابو رکھتے ہیں اور لوگوں کو معاف کر دیتے ہیں اور اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے)

قرآن مجید اور احادیث نبویہ میں واضح کیا گیا ہے کہ غصہ شیطان کے اشتعال کے نتیجے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں پیدا ہوتا ہے۔ فرمایا: "اِنَّ الشَّیْطَانَ یَنْزَغُ بَیْنَھُمْ" (۹۹) (بے شک شیطان ان کے دلوں میں اشتعال پیدا کرتا ہے) ساتھ ہی فرمادیا گیا کہ "اِنَّ الشَّیْطَانَ لَکُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْہُ عَدُوًّا" (۱۰۰) (بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے اور تم اسے اپنا دشمن ہی سمجھو) یہ بات قرآن مجید میں ایک سے زائد مقامات پر واضح کی گئی ہے۔ (۱۰۱) اسی لئے فرمایا "وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطَانَ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ" (۱۰۲) (جب شیطان تمہارے دلوں میں اشتعال پیدا کرے تو تم اللہ کی پناہ طلب کیا کرو)

نبی کریم ﷺ نے بھی اس کی توضیح فرمائی کہ شیطان اس بات سے تو مایوس ہو گیا ہے کہ اس کی پوجا کی جائے لیکن یہ لوگوں کو آپس میں بھڑکائے گا۔ (۱۰۳) فرمایا کہ شیطان اپنے کارندوں کو بھیجتا ہے کہ لوگوں کو بھڑکائیں اور اس کے نزدیک سب سے بڑا وہ کارندہ ہوتا ہے جو لوگوں کو بھڑکاتا ہے۔ (۱۰۴) اس کے کارندے اس کے سامنے اپنی اپنی کارگزاری پیش کرتے ہیں اور جن جن جرائم کا ارتکاب انہوں نے لوگوں کو اکسا کر کروایا ہوتا ہے ان کا ذکر کرتے ہیں لیکن بڑا شیطان سب سے زیادہ خوش بھڑکانے والے کارندے پر ہوتا ہے۔ (۱۰۵) نبی کریم ﷺ نے دشمن کے اس وار کو ناکام بنانے کا حکم فرمایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"لیس الشدید بالصرعة انما الشدید الذی یملک نفسه عند الغضب" (۱۰۶)
(پہلوان وہ شخص نہیں جو بدلہ لینے میں سخت ہو بلکہ پہلوان وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے)

آپ ﷺ سے بہترین نیکی کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا:
"لاتغضب" (۱۰۷) (یعنی غصہ نہ کر) "آپ ﷺ نے غصے کا علاج بھی مختلف طریقوں سے بیان فرمایا۔ غصے کی حالت میں نبی کریم ﷺ نے وضو کرنے کا بھی حکم دیا (۱۰۸) اس سے شیطان کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ غصے کی حالت میں اگر کوئی کھڑا ہے تو بیٹھ جائے۔ (۱۰۹) بہت سے جرائم کا فوری محرک فوری اشتعال ہوتا ہے جسے قانون کی زبان میں (Sudden provocatoin) کہا جاتا ہے۔ یہ کیفیت غصے سے ہی پیدا ہوتی ہے۔ قرآن مجید نے اس کے مقابلے میں صبر عفو و درگزر اور احسان کی تعلیم دی اور لوگوں کو ترغیب دی کہ اگر وہ غصہ کی حالت میں انتقامی کاروائی نہ کریں تو یہ بات اللہ کو بہت پسند آتی ہے۔ قرآن مجید کہتا ہے کہ اگر تم زیادتی کا بدلہ لینا چاہو تو لے سکتے ہو لیکن اگر تم معاف کر دو تو یہ باعث اجر ہوگا۔ (۱۱۰) لیکن بدلہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


لینے میں بھی تمہیں اس بات کو ملحوظ رکھنا ہوگا کہ جس قدر زیادتی تمہارے ساتھ کی گئی ہے‘ بدلہ اسی قدر لیا جائے(۱۱۱) اس سلسلے میں قرآن مجید کا فلسفہ یہ ہے کہ برائی کا بدلہ برائی کی صورت میں دینے کی بجائے برائی کو اچھائی اور حسن سلوک سے مٹاؤ۔ اس طریق کار کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہارا بدترین دشمن بہترین دوست بن جائے گا۔(۱۱۲) قرآن اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ کسی کی زیادتی پر صبر کر جانا اپنے نتیجے کے اعتبار سے بدلہ لینے سے بہتر نتائج پیدا کرے گا(۱۱۳) قرآن یہ تعلیم بھی دیتا ہے کہ اگر تم لوگوں کی غلطیاں معاف کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری غلطیوں پر بھی پردہ ڈالیں گے۔(۱۱۴)

غرض قرآن مجید نے کسی بھی طرح کے اشتعال کی حوصلہ شکنی کی ہے۔ اشتعال کا سبب بننے والے کاموں کا سدباب کرتے ہوئے کسی کو گالی دینے کی ممانعت فرمائی(۱۱۵) زبان کا غیر ذمہ دارانہ استعمال ممنوع قرار دیا۔(۱۱۶) کسی کو کافر قرار دینے سے روکا۔(۱۱۷) لعنتی کہنے(۱۱۸) تہمت لگانے(۱۱۹) چغلی کرنے(۱۲۰) کسی کا تمسخر اڑانے(۱۲۱)‘ دوسروں کو حقیر جاننے‘(۱۲۲) بے جا پروپیگنڈا کرنے‘(۱۲۳) افواہیں پھیلانے(۱۲۴)‘ کسی کو نسب کا طعنہ دینے(۱۲۵)‘ اور دیگر مشتعل کرنیوالی حرکات(۱۲۶) کی شدت سے ممانعت کر دی گئی ہے۔ حسد بھی اس سلسلے میں بڑا کردار ادا کرتا ہے‘ قرآن و سنت میں اسے بھی بہت بڑا اخلاقی مرض قرار دیا گیا۔

ان سب باتوں کا تعلق انسانی اخلاق و کردار سے ہے۔ اسلامی معاشرے کے تمام افراد اس پر عمل کرنے کے پابند ہیں لیکن اسلامی مملکت بھی اس بات کی پابند ہے کہ وہ لوگوں کی اخلاقی تربیت کا اہتمام کرے۔ وہ ذرائع ابلاغ‘ نصاب تعلیم اور دیگر ذرائع سے ان پہلوؤں پر لوگوں کا شعور بیدار کرے۔ تعلیمی اداروں میں تعلیم کے ساتھ تربیت کا بھی اہتمام کیا جائے۔ اجتماعی مجالس میں ایسے مواقع فراہم کئے جائیں کہ آپس میں گھل مل کر گفتگو ہو۔ مختلف الخیال لوگوں کو اظہار خیال کا موقع ملے اور رواداری کی تربیت حاصل ہو۔

ظلم وزیادتی: معاشرے میں بدامنی اور فساد‘ بے چینی کا ایک سبب معاشرتی‘ معاشی اور سیاسی شعبوں میں ظلم وزیادتی اور حقوق کی پامالی بھی ہے۔ ظالم اپنے اقتدار‘ معاشرتی برتری‘ یا معاشی شعبے میں بالادستی کی بنا پر دوسروں کو زیادتی کا نشانہ بناتا ہے۔ ان کا استحصال کرتا ہے تو متاثرہ افراد یا طبقات احتجاج کرتے ہیں۔ اگر احتجاج غیر مؤثر ہو جائے تو وہ ظالم سے خود نمٹنے کیلئے تیار ہو جاتے ہیں جس کے نتیجے میں معاشرہ بدامنی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اسلام اس سلسلے میں معاملات کو جڑ سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پکڑتا ہے اور لوگوں کو ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ حقوق کی عدم ادائیگی دنیوی اعتبار سے بھی قابل دست اندازی قانون ہے اور آخرت میں بھی قابل مواخذہ جرم قرار دیا گیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اپنے آپ کو مظلوم کی بد دعا سے بچاؤ کیونکہ مظلوم کی آہ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی آڑ اور رکاوٹ نہیں ہوتی۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"انصر اخاک ظالماً او مظلوماً"(۱۲۷) (اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم)

صحابہ کرامؓ نے پوچھا کہ مظلوم بھائی کی تو مدد سمجھ میں آتی ہے' ظالم کی مدد کیسے کی جائے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ظالم کا ہاتھ روکنا اور اسے ظلم سے باز رکھنا اس کی مدد ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"جو شخص ظالم کا ساتھ دے تاکہ ظالم کو مدد حاصل ہو اور اس مدد کرنے والے کو معلوم ہو کہ وہ ظالم ہے تو ایسا شخص دائرہ اسلام سے خارج ہو گیا"(۱۲۸)

اس سلسلے میں شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں:

"جن مقاصد کیلئے انبیائے کرام کو دنیا میں مبعوث کیا گیا ان میں سے ایک عظیم مقصد یہ ہے کہ لوگوں کے درمیان مظالم کو روکنے اور ان کے تدارک کیلئے تدابیر عمل میں لائیں کیونکہ اگر ظلم وزیادتی کا سدباب نہ کیا جائے تو نظام تمدن میں ابتری واقع ہو جائے"(۱۲۹)

چنانچہ سورۃ الحدید کی آیت نمبر ۲۵ میں انبیائے کرام کی بعثت کے مقاصد بیان کرتے ہوئے فرمایا:

"لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ"

(یقیناً ہم نے اپنے رسول واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجے اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ وہ لوگوں کے درمیان عدل قائم کریں)

ظلم کے خاتمے کیلئے نبی کریم ﷺ نے معاشرتی' سیاسی اور معاشی شعبوں میں عدل کے قیام کا عملی نقشہ پیش فرمایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

"انما هلک من کان قبلکم انهم کانوا یقیمون الحد علی الوضیع ویترکون الشریف والذی نفسی بیده لو فاطمة بنت محمد فعلت ذلک لقطعت یدها"(۱۳۰)

(تم سے پہلے لوگ اسی لئے ہلاک ہو گئے کہ وہ کم مرتبہ لوگوں پر تو حدیں جاری کرتے تھے لیکن بااثر لوگوں کو چھوڑ دیتے تھے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے اگر فاطمہ بنت محمد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بھی اس جرم (چوری) کا ارتکاب کرتی تو میں اس کا بھی ہاتھ کاٹ ڈالتا)

چنانچہ ماہرین سیاسیات نے بھی عدل کے قیام اور ظلم کے انسداد کو اسلامی ریاست کے بنیادی مقاصد اور سربراہ مملکت کے فرائض میں اہم ترین فرض قرار دیا ہے۔(۱۳۱)

حضرت ابو بکر صدیقؓ نے فرمایا:

"تمہارے درمیان جو شخص کمزور ہے وہ میرے نزدیک قوی ہے یہاں تک کہ میں اسے اس کا حق دلادوں اور تم میں سے جو طاقتور ہے وہ میرے نزدیک کمزور ہے جب تک کہ میں اس سے حق وصول کرلوں" (۱۳۲)

نبی کریم ﷺ اور آپ کے بعد خلفائے راشدین کی پالیسی کا بنیادی ستون یہ تھا کہ لوگوں میں سے کسی کو کسی پر ظلم کرنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔ حضرت عمرؓ کی یہ مستقل پالیسی تھی کہ وہ حج کے موقع پر اپنے سرکاری افسروں کے رویے کے بارے میں لوگوں سے پوچھتے تھے۔ اگر ان میں سے کسی نے کسی پر زیادتی کا ارتکاب کیا ہوتا تو عوام کے سامنے اس سے بدلہ لیا جاتا۔ مصر کے گورنر کے بیٹے نے کسی شخص کو مارا تھا۔ آپؓ نے سر عام اس کا بدلہ دلایا(۱۳۳) اس پالیسی کے اثرات بھی لوگوں نے دیکھے کہ کسی بااثر ترین شخص کو بھی ہمت نہیں پڑتی تھی کہ وہ کسی ادنیٰ ترین شخص پر ہاتھ اٹھائے۔

**استحصال**: استحصال بھی امن وامان کو تہہ وبالا کرنے کا سبب بنتا ہے۔ اسلام نے اس کا استیصال بھی کیا ہے۔ اور محض نصیحت کر دینے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اللہ کی ناراضگی اور آخرت کی مسئولیت کا احساس دلانے کے ساتھ ساتھ قانونی تحفظات کے ذریعے استحصال کو روکا گیا ہے۔ استحصال زدہ طبقہ اندر ہی اندر اپنی کمزوریوں اور محرومیوں میں جلتا رہتا ہے۔ استحصال کرنے والوں کے خلاف ان کے دل میں لاوہ پکتا رہتا ہے۔ مغرب میں سرمایہ داری کے تحت غریب کا استحصال ہوا تو کمیونزم کی شکل میں رد عمل ہوا اور اس انقلاب میں لاتعداد انسانی جانیں ضائع ہوئیں۔ استحصال زدہ طبقے جب رد عمل ظاہر کرتے ہیں تو پھر کشت خون کی ندیاں بہہ جاتی ہیں۔ اسلام نے ہر طرح کے استحصال کی راہیں بند کر دیں۔ اگر عورت کا استحصال ہوتا تھا تو اسے تمام معاشرتی 'دینی اور قانونی تحفظات کے ساتھ معاشی' معاشرتی اور عائلی حقوق عطا کیے۔(۱۳۴)

اسلام نے معاشی استحصال روکنے کیلئے تمام ذرائع اختیار کیے ہیں۔ اس سلسلے میں معاشی عدل کا عملی نظام دیا۔ سود کا خاتمہ کیا(۱۳۵) ہر اس کاروبار اور لین دین کی ممانعت کر دی جس میں دوسرے کی مجبوری کارفرما ہو۔(۱۳۶) رشوت کا خاتمہ کر دیا۔ دولت کی عادلانہ گردش کا اہتمام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیااور ارتکاز دولت کی راہیں مسدود کر دیں۔

اگر حکمرانوں کے آمرانہ رجحانات کی وجہ سے عوام میں بے چینی پیدا ہوتی "تو نبی کریم ﷺ کے دیئے ہوئے نظام سیاست میں ایسا کرنے والے حکمرانوں کو سخت ترین وعیدیں سنائی گئیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کو عوام کی حکمرانی دی گئی اور اس نے ان کی خیر خواہی میں اپنی تمام قوتیں صرف نہ کیں تو وہ حکمران جنت کی خوشبو بھی نہیں پا سکے گا (۱۳۷)

معاشرے کے وہ لوگ جنہیں پسے ہوئے لوگ کہا جاتا ہے ان کی طرف سے بھی ردِ عمل کا خدشہ ہر وقت رہتا ہے۔ غلام ان میں سے ایک ہیں۔ آپ ﷺ نے ان کے حقوق کی اہمیت بھی بیان فرمائی۔ اس کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ آپ ﷺ نے اپنی وفات سے چند لمحے پہلے جن باتوں کی تاکید فرمائی ان میں غلاموں اور عورتوں کے حقوق کی خصوصی نگہداشت بھی ہے۔ (۱۳۸) آپ ﷺ نے معاشرے کے اس طبقے کی ہمیشہ حوصلہ افزائی فرمائی حتی کہ آپ کی دعوت پر اولین طور پر لبیک کہنے والوں میں اسی طبقہ کے لوگ شامل تھے۔ آپ ﷺ نے غریبوں کو خوشخبری دی کہ یہی دعوتِ دین کے پہلے مؤید بنے اور آخر میں بھی یہی دین کے محافظ بن کر رہیں گے۔ (۱۳۹) اسی صلے میں اللہ ان کو دوسروں کے مقابلے میں پہلے جنت میں داخل فرمائیں گے۔ (۱۴۰) آپ ﷺ نے ان تعلیمات کے ذریعے خونی انقلابات 'بدامنی اور فساد' احتجاج کی سیاست اور لاقانونیت کا سدباب کر دیا۔

آج ہم امن وامان کے قیام اور بدامنی کے انسداد کیلئے لاکھوں خرچ کرتے ہیں۔ حکومتوں کیلئے امن وامان کا مسئلہ سر درد بنا ہوا ہے لیکن اس رسی کا سرا ہے کہ مل نہیں رہا اور امن وامان کی حالت یہ ہو چکی ہے کہ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ اس سلسلے میں نبوی حکمت عملی کا عملی مظاہرہ ہم حضرت عمر فاروقؓ کی وسیع وعریض مملکت میں دیکھتے ہیں جو کم وبیش پچیس لاکھ مربع میل پر پھیلی ہوئی تھی اور جس میں عربی و عجمی قومتیں موجود تھیں جو اپنے آپ کو مزاج کے اعتبار سے ایک دوسرے کا مدمقابل سمجھتی تھیں۔ ان قومیتوں کا مذہبی' ثقافتی اور سماجی پس منظر ایک دوسرے سے مختلف تھا۔ یہ لوگ ابھی نو مسلم تھے۔ اس طرح کے متصادم رجحانات رکھنے والی وسیع وعریض مملکت میں امن قائم ہوا تو اس کا راز یہی تھا کہ کسی کو کسی پر ظلم وزیادتی کی جرأت نہ تھی اور ریاست لوگوں کے حقوق کی ضامن تھی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## فساد کے انسداد کیلئے سزاؤں کا نفاذ

قرآن مجید مختلف جرائم کو فساد اور فتنے سے تعبیر کرتا ہے۔ قتل کی برائی ظاہر کرتے ہوئے فرمایا :

"مَنْ قَتَلَ نَفْساً بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْفَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَاقَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعاً"(۱۴۱)

(جس نے کسی جان کو بغیر حق (وجہ) کے قتل کیا اس نے گویا پوری انسانیت کو قتل کر ڈالا)

قرآن مجید نے یہ پیرایہ اس لئے اختیار کیا ہے تاکہ اس کی برائی اور برے اثرات ذہن نشین کرائے جاسکیں۔ اس لئے قرآن مجید نے قتل کی سزا بھی بہت سخت رکھی ہے۔ ہم ذرائع ابلاغ کے ذریعے جانتے ہیں کہ ایک قتل بہت سے قتلوں کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ خاندانوں کے خاندان ختم ہو جاتے ہیں لیکن انتقام کی آگ ٹھنڈی نہیں ہوپاتی۔ اسلام سے قبل کی زندگی اور آج کے دور میں مذہبی اور قبائلی تعصّبات کی بنیاد پر ہونے والے قتل اس کی مثال ہیں۔ چنانچہ قرآن مجید نے عمداً کسی کو قتل کرنے کی سخت ترین سزا سنائی ہے :

"وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِناًمُتَعَمِّداًفَجَزَاؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِداًفِيْهَاوَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّلَهٗ عَذَاباً عَظِيْمًا"(۱۴۲)

(جن نے کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کر دیا اس کی سزا یہ ہے کہ وہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے جہنم میں رہے گا اور اللہ کا غضب اور لعنت ہو گی اور اس کیلئے ہم نے بہت بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے)

سورۃ النساء کی آیت نمبر ۹۲ میں غلطی سے کسی مومن کو قتل کرنے کا ذکر بھی کیا گیا ہے اگر دشمن ملک کا مسلمان شہری مسلمان کے ہاتھوں قتل ہو جائے یا معاہد ملک کا شہری کسی سے قتل ہو جائے تو اس کی سزا بھی مقرر ہے (۱۴۳) قتل کے نتیجے میں ہونے والے فساد اور بدامنی کے انسداد کیلئے قرآن مجید نے اصول دیا ہے کہ جان کے بدلے جان کی سزا میں تمہارے لئے حیات و زندگی ہے :

"وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ"(۱۴۴)

اسی طرح قرآن حکیم میں حرابہ (رہزنی) کی سزا بھی بہت سخت رکھی ہے۔ (۱۴۵) حرابہ میں کچھ لوگ مل کر منصوبہ بنا کر قتل یا ڈاکہ ڈالتے ہیں۔ مسافروں اور بے گناہوں کو قتل کرنے اور ان کا سامان چھیننے کے علاوہ خوف و حراس پھیلاتے ہیں۔ سورۃ المائدۃ کی آیت نمبر ۳۳ میں رہزنی کی سزا کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں امام ابن تیمیہؒ لکھتے ہیں کہ حاکم کا فرض ہے کہ وہ رہزنی کے مکمل استیصال کیلئے پوری جدوجہد کرے اور اگر مصلحت کا تقاضا ہو تو اس جماعت کے سرغنہ کو قتل کرا دے۔ اکثر فقہا کا نقطہ نگاہ یہ ہے کہ اگر ڈاکوؤں کی جماعت طاقت پکڑ رہی ہو اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حکومت بے بس ہو رہی ہو تو اس کے گروہ کو قتل کروا دیا جائے (۱۴۶)۔

معاشرے کو فتنے فساد سے بچانے کیلئے اسلام نے حدود و تعزیرات کا ایک مؤثر نظام دیا ہے۔ اسلامی حدود کے بارے میں شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ لکھتے ہیں :

"شریعت نے بعض جرائم پر حدود مقرر کی ہیں۔ یہ وہ جرائم ہیں جن کی وجہ سے دنیا میں فتنہ فساد پیدا ہوتا ہے اور مسلم معاشرے کا امن و سکون غارت ہو جاتا ہے۔ دوسرے ان جرائم کے بار بار ارتکاب سے نفس انسانی کو ان جرائم کی لت پڑ جاتی ہے۔ پھر اس جرم سے باز رکھنا انتہائی مشکل ہو جاتا ہے۔ اکثر اوقات بے چارے مظلوم کیلئے یہ ممکن نہیں ہوتا ہے کہ وہ ان مجرموں کے مقابلے میں اپنا تحفظ کر سکے۔ اگر ان جرائم کی روک تھام نہ کی جائے تو پھر یہ جرائم وبا کی طرح پھیل کر پورے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے لیتے ہیں۔ اس طرح کے جرائم کے خاتمے کیلئے محض آخرت کے خوف اور وعظ و تلقین سے کام نہیں چلتا بلکہ اس کیلئے سخت سزاؤں کا نفاذ ضروری ہوتا ہے تاکہ مجرم کا انجام سب کے سامنے ہو جسے دیکھ کر دوسرے لوگ جرم سے باز رہیں" (۱۴۷)

شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اس کی وضاحت زنا کے فعل بد سے کرتے ہیں کہ اس فعل کے نتیجے میں عورت کے خاندان کو سخت رسوائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس سلسلے میں کشت و خون ہوتا ہے۔ اس لئے شریعت نے اس کی سزا بھی سخت مقرر کی ہے۔ اگر سزا عبرت ناک نہ ہوتی تو اس جرم کو پھیلنے سے روکا نہیں جا سکتا تھا۔ معاشرے کو فتنے فساد سے بچانے کیلئے اسلامی حدود بڑا اہم کردار ادا کرتی ہیں (۱۴۸) اس سلسلے میں جسٹس ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن لکھتے ہیں کہ تمام حدود کے نفاذ سے معاشرے کی حفاظت مقصود ہے کیونکہ یہ اللہ کے حقوق میں سے ہے کہ اجتماعی زندگی کو محفوظ رکھا جائے۔ اسی طرح وہ تمام امور جن میں فقہائے امت نے اللہ تعالیٰ کے حق کو غالب تصور کیا ہے ان میں اشخاص کے انفرادی حقوق کا لحاظ نہیں رکھا جاتا بلکہ اجتماعی زندگی کا مفاد پیش نظر رکھا جاتا ہے اور اشخاص کے انفرادی مفاد کو اس کے تابع قرار دیا جاتا ہے۔ (۱۴۹)

ڈاکٹر صاحب موصوف لکھتے ہیں کہ ان حدود کے نفاذ میں ان اثرات کا لحاظ رکھا جاتا ہے جو بحیثیت مجموعی مرتب ہوتے ہیں۔ اس میں کسی جرم کا ارتکاب کرنے والے کے فعل کی مقدار اور نہ اس شخص کی زیادتی کو جو ایک فرد سے دوسرے فرد پر واقع ہوتی ہے کو بنیاد نہیں بنایا جاتا ہے (۱۵۰)

فقہاء نے یہ اصول متعین کیا ہے جو جرائم کل معاشرے پر اثر انداز ہوتے ہیں وہاں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معاشرے کے افراد کا حق اللہ تعالیٰ کے حق میں ضم ہو جاتا ہے۔ اس جرم کی نوعیت کے اعتبار سے ہی مجرم کو سزا دی جائے گی۔

ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن لکھتے ہیں کہ کہ اسلام نے جو سزائیں مقرر کی ہیں وہ بذاتہ سخت نہیں ہیں۔ دورِ حاضر میں قید کر دینے کی جو سزا مقرر ہے وہ در حقیقت مجرم کے حق میں ایذاء کا باعث نہیں ہوتی بلکہ اس سزا کے اجراء سے مزید یہ فساد پیدا ہوتا ہے کہ مجرم کے ضمیر میں جرم کی جڑیں مزید گہری ہو جاتی ہیں۔ اس کے بر عکس اسلام نے جو سزائیں مقرر کی ہیں وہ مجرم کو جرم سے دور کرنے اور دوسرے لوگوں کیلئے سخت تنبیہہ کا سبب ہو جاتی ہیں۔ وہ مجرم کے ذہن پر یہ اثر ڈالتی ہیں۔ وہ اپنے دل کو جرم سے پاک و صاف رکھے اور جذبہ جرم کو اس طرح پھاڑ دیتی ہے جس طرح تیز دھار آلہ کسی شے کو پھاڑ تا ہے (۱۵۲)

سید محمد متین ھاشمیؒ لکھتے ہیں کہ اسلامی سزائیں بظاہر سخت ہیں لیکن اگر بڑے بڑے جرائم کے منفی اثرات کا مشاہدہ کیا جائے تو یہ سزائیں اس تناظر میں بالکل فطری دکھائی دیتی ہیں۔ اسلام جرائم کے خاتمے کے ساتھ ساتھ ان کے وقوع پذیر ہونے کے اسباب و محرکات کا بھی انسداد کرتا ہے (۱۵۳)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حوالہ جات


۱۔ سورۃ البقرۃ: ۱۹۱

۲۔ سورۃ البقرۃ: ۲۱۷

۳۔ مسلم 'امام' الجامع الصحیح 'کتاب الایمان' باب الامر بقتال الناس 'حدیث: ۱۲٤۔
ابن ماجہ 'سنن ابن ماجہ' ابواب الفتن 'باب الکف عمن قال لا الٰہ الا اللّٰہ'
حدیث: ۲۸۔۳۹۲۷

۴۔ ابن کثیر 'حافظ 'تفسیر القرآن العظیم 'سہیل اکیڈمی 'لاہور' ج: ۱ 'ص: ۳۸۹
(ذیل آیت نمبر ۱۰٤ 'سورۃ آل عمران)

۵۔ سورۃ آل عمران: ۱۰۴

۶۔ سورۃ البقرۃ: ۱۱

۷۔ سورۃ البقرۃ: ۱۴۵

۸۔ سورۃ البقرۃ: ۲۰۴

۹۔ ابن کثیر 'حافظ 'تفسیر القرآن العظیم 'سہیل اکیڈمی 'لاہور'

۱۰۔ مسلم 'الجامع الصحیح 'کتاب البر والصلۃ 'باب فی الالد الخصم 'ج: ٦ 'ص ۵۷

۱۱۔ بخاری 'صحیح البخاری 'کتاب الادب 'باب ماقیل ذی الوجھین 'ج: ۷ 'ص: ۸۷۔
مسلم 'الجامع الصحیح 'کتاب البر والصلۃ 'باب ذی الوجھین وتحریم فعلہ 'ج: ٦ 'ص ۲۷

۱۲۔ سورۃ البقرۃ: ۲۰۵

۱۳۔ سورۃ القصص: ۷۷

۱۴۔ سورۃ البقرۃ: ۱۹۰

۱۵۔ سورۃ البقرۃ: ۲۲۰

۱۶۔ سورۃ القصص: ۸۳

۱۷۔ سورۃ القصص: ۷۷

۱۸۔ سورۃ الاعراف: ۵٦

۱۹۔ سورۃ المائدہ: ۱۴

۲۰۔ سورۃ الانعام: ۱۶۰


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۱۔ سورۃ آل عمران : ۱۰۵

۲۲۔ مسلم'کتاب العلم'باب النہی عن اتباع متشابه القرآن'حدیث نمبر۲۶۶۶

۲۳۔ دارمی'

۲۴۔ ابوداؤد'سنن ابی داؤد'کتاب السنة'باب النہی عن الجدال فی القرآن'
ج:۷'ص۶'حدیث:۴۴۳۵

۲۵۔ علی المتقی'کنزالعمال فی سنن الاقوال والافعال'ج:۱۱'ص:۱۲۸'
حدیث نمبر۳۰۸۹۱

۲۶۔ ترمذی'جامع الترمذی'ابواب الفتن'باب ماجاء فی لزوم الجماعة'
حدیث نمبر۲۱۶۷'ص:۱۸۶۹(دارالسلام ایڈیشن)

۲۷۔ بخاری'کتاب الفتن'ج:۸'ص:۸۷

۲۸۔ مسلم'کتاب الامارۃ'باب حکم من فرق امراء المسلمین وهومجتمع'
ج:۶'ص۲۲

۲۹۔ مسلم'کتاب الامارۃ'باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عندظهور
الفتن وفی کل حال'ج:۶'ص۲۰

۳۰۔ ایضاً'ص :۲۱

۳۱۔ ایضاً'مسلم'کتاب الامارۃ'باب حکم من فرق امراء المسلمین وهومجتمع'
ج:۶'ص۲۲

۳۲۔ ایضاً'ص :۲۲

۳۳۔ مسلم'کتاب الامارۃ'باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عندظهور
الفتن وفی کل حال' ج:۶'ص۲۰

۳۴۔ ایضاً

۳۵۔ مسلم'کتاب الامارۃ'باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عندظهور
الفتن وفی کل حال' ج:۶'ص۲۰'حدیث نمبر۱۸۴۸۔۱۸۴۹

۳۶۔ بخاری'کتاب الفتن' باب قول النبی ﷺ لاترجعوابعدی کفاراً'ج:۸'
ص:۹۰۔۹۱۔ابن ماجه'کتاب الفتن'باب لاترجعوابعدی کفاراً
بعضکم رقاب بعض' ج:۲'ص:۱۳۰۰'حدیث نمبر۳۹۴۲۔۳۹۴۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۷۔ ایضاً ج :۲ ص :۱۳۰۰ حدیث نمبر ۳۹۴۴

۳۸۔ ایضاً ج :۲ ص ۱۳۰۱ حدیث نمبر ۳۹۴۵

۳۹۔ ایضاً ج:۲ باب اذاالتقی المسلمان بسیفھما ج:۲ ص:۱۳۱۱

۴۰۔ ابوداؤد کتاب الفتن باب کف اللسان فی الفتنة ج:۴ ص:۹۹
حدیث نمبر ۴۲۶۴ ابن ماجه کتاب الفتن باب کف اللسان
فی الفتنة ج:۲ ص:۱۳۱۲ حدیث نمبر ۳۹۶۸

۴۱۔ ایضاً کتاب الفتن ج :۲ ص :۱۳۱۲ حدیث نمبر ۳۹۶۷

۴۲۔ ایضاً کتاب الفتن ج:۴ ص:۱۳۱۲ حدیث نمبر ۳۹۶۷ ابوداؤد کتاب الفتن
ج:۴ ص:۱۰۲ حدیث نمبر ۴۲۶۴

۴۳۔ ابوداؤد کتاب الفتن ج :۴ ص :۹۹ حدیث نمبر ۴۲۵۶

۴۴۔ ابن ماجه کتاب الفتن باب الثبت فی الفتنة ج:۲ ص:۱۳۰۱ حدیث نمبر ۳۹۶۱

۴۵۔ ایضاً ص :۱۳۰۹ حدیث نمبر ۳۹۶۰

۴۶۔ ابوداؤد کتاب الفتن ج :۴ ص :۹۶ حدیث نمبر ۴۲۴۶

۴۷۔ ایضاً

۴۷a۔ ابن ماجه کتاب الفتن باب العزلة ج:۲ ص ۱۳۱۷ حدیث نمبر ۳۹۸۰

۴۸۔ ابوداؤد کتاب الادب باب فی العصبة ج:۴ ص:۳۳۲ حدیث نمبر ۵۱۲۱

۴۹۔ ابوداؤد کتاب الادب باب التفاخر بالاحساب ج:۴ ص ۳۳۱

۵۰۔

۵۱۔ ابن ماجه کتاب الفتن باب العصبة ج:۴ ص:۱۳۰۲ حدیث نمبر ۳۹۴۸

۵۲۔ ابوداؤد کتاب الادب باب فی العصبه ج:۴ ص ۳۳۱ حدیث نمبر ۵۱۱۹
حدیث نمبر ۳۹۴۸ ابن ماجه کتاب الفتن باب العصبة
ج:۲ ص:۱۳۰۲ حدیث نمبر ۵۱۱۹

۵۳۔ ابن ماجه کتاب الفتن باب العصبة ج:۲ ص:۱۳۰۲ حدیث نمبر ۳۹۴۹

۵۴۔ ایضاً حدیث نمبر ۳۹۴۸

۵۵۔ مسلم کتاب الامارة باب الامر بلزوم الجماعتة المسلمین عندظھور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللفتن ج:٦ص ٢١'ابوداؤد'حدیث نمبر ۵۱۲۰

۵۶۔ ابوداؤد'کتاب الادب'باب فی العصبة'ج:٤'ص:٣٣١'حدیث نمبر۵۱۱۷

۵۷۔ مسلم'کتاب البروالصلة'باب نصر الاخ ظالماً اومظلوماً'ج:٨'ص:١١٩

۵۸۔ ایضاً

۵۹۔ طبری'تاریخ الامم والملوک'قاهره'ج:٢'ص:٦٨٩

۵۹a۔ بخاری'کتاب التفسیر'(سورۃ المنافقون)'حدیث نمبر ۴۹۰۵'ص ۴۲۰

۶۰۔ ابوداؤد'کتاب الجهاد'باب مایؤمرمن انضمام العسکر'ج:٣'ص:٩٥

۶۱۔ مسند احمد'ج:۴'ص:۱۹۴

۶۲۔ ایضاً

۶۳۔ بخاری'کتاب الجهاد'باب مایکره من رفع الصوت فی التکبیر'ج:٤'ص:١٦

۶۴۔ مؤطاامام مالک'کتاب الجهاد'باب النهی عن قتل النساء والولدان فی الغزو'ج:٢'ص:٤٤٨

۶۵۔ ابوداؤد'کتاب الخراج'باب التشدیدفی جبابة الجزیه'ج:٣'ص:٤٣٦

۶۶۔ ایضاً'باب فی التهی عن النهبی'ج:٣'ص١٥١

۶۶a۔ مسلم'کتاب الامارة'باب وجوب ملازمة جماعة المسلمین عندظهور الفتن'ج:٦'ص:٢١

۶۶b۔ ایضاً

اس کے ساتھ ہی مندرجہ ذیل احادیث بھی اس موضوع کی مزید وضاحت کرتی ہیں۔
آپ ﷺ نے فرمایا:"سباب المسلم فسوق وقتاله کفر"(مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس سے قتال کرنا کفر ہے)(بخاری'کتاب الادب'باب ماینهی من السباب واللعن'حدیث نمبر٦٠٤٤)اسی طرح آپ ﷺ نے کسی مسلمان بھائی کو فاسق اور کافر کہنے سے بھی منع فرمایا۔اگر کوئی ایسا کہتا ہے تو ایسا کہنے اسی کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے۔(بحوالہ بالا'حدیث نمبر۶۰۴۵)بخاری شریف کے باب ماینهی من السباب واللعن کے اندر ایسی روایات موجود ہیں کہ جن میں لڑائی جھگڑے کی مذمت کی گئی ہے۔اسی باب میں لڑائی جھگڑے کی مذمت میں امام بخاریؒ وہ روایت بھی لائے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کو لیلة القدر کی خبر دینے کیلئے نکلے۔راستے میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دو بندے جھگڑ رہے تھے۔ آپ ﷺ ان کو ٹھنڈا کرنے میں مصروف ہو گئے۔ اسی حالت میں آپ ﷺ سے لیلۃ القدر کی تعیین بھلا دی گئی (حدیث نمبر ۲۰۴۹) (ابن ماجہ 'کتاب' کتاب الفتن' باب کف اللسان فی الفتنة' ج:٤' ص:٩٩' حدیث نمبر ٤٢٦٤' بخاری' کتاب الفتن' باب من حمل علینا السلاح فلیس منا' ج:٨' ص:٩٠

۶۷۔ مسلم' کتاب البر والصلة والآداب' ج:٨' ص:٣٤

۶۸۔ ایضاً' کتاب البر والصلة' باب النهی من الاشارة بالسلاح الی مسلم' الجزء الثامن' ص:٣٤' ترمذی' کتاب لفتن' باب ماجاء فی اشارة المسلم الی اخیه بالسلاح' حدیث نمبر ٢١٦٢

۶۹۔ ترمذی' الجامع الصحیح' کتاب الفتن' باب ماجاء فی اشارة المسلم' حدیث نمبر ٢١٦٢ ص ١٨٦٩

۷۰۔ ترمذی' جامع ترمذی' کتاب الفتن' باب النهی عن القتال فی الفتنة' حدیث ٤٢٦٨

۷۱۔ ابوداؤد' کتاب الادب' باب من یاخذ الشیئی علی لمزاح' ج:٤' ص:٣٠١' حدیث نمبر ٥٠٠٤

۷۲۔ الترغیب والترهیب' ج:٤' ص ٢٦٤

۷۳۔ ایضاً

۷۴۔ ابوداؤد' کتاب الادب' باب من یاخذ الشیئی علی لمزاح' ج:٤' ص:٣٠١' حدیث نمبر ٥٠٠٣

۷۵۔ ایضاً

۷۶۔ ایضاً

۷۷۔ ایضاً

۷۸۔ بخاری' کتاب الفتن' باب من حمل علینا السلاح فلیس منا' ج:٨' ص:٩٠۔ یہ روایت ابوداؤد کتاب الجهاد' باب فی النبل یدخل به المسجد میں بھی ہے۔ ج:٣' ص:٣١' حدیث نمبر ٢٥٨٦

۷۹۔ بخاری' کتاب الفتن' باب من حمل علینا السلاح' ج:٨' ص ٩٠۔ ابوداؤد' کتاب الجهاد' باب فی النبل یدخل به المسجد' ج:٣' ص:٣١' حدیث نمبر ٢٥٨٧

۸۰۔ ابوداؤد' کتاب الجهاد' باب فی النهی ان یتعاطی السیف مسلولا' ج:٣' صفحه ٣١' حدیث نمبر ٢٥٨٨

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۸۱۔ ترمذی‘جامع الترمذی‘ابواب الفتن‘ باب ماجاء فی النهی عن تعاطی السیف مسلولا‘حدیث نمبر۲۲۶۳‘(دارالسلام ایڈیشن)

۸۲۔ مسلم‘کتاب البروالصلة‘باب امرمن مربسلاح فی مسجداوسوق اوغیرهامن المواضع الجامعةللناس ان یمسک بنصالها‘ج:۸‘ص۳۳

۸۳۔ ایضاً‘ج :۸‘ص ۳۳

۸۴۔ ایضاً

۸۵۔ بخاری‘کتاب الفتن‘باب من حمل علیناالسلاح فلیس منا‘ج:۸‘ص:۹۰
.

۸۶۔ ایضاً‘کتاب الفتن‘باب اذالتقی المسلمان بسیفهما‘حدیث نمبر۷۰۸۳‘ ص۵۹۱ (دارالسلام ایڈیشن)

۸۷۔ ایضاً‘کتاب الفتن‘باب اذاالتقی المسلمان بسیفهما‘ج:۸‘ص:۹۲۔

الفاظ کے معمولی اختلاف کے ساتھ اس موضوع پر مزید روایات بھی موجود ہیں۔

مسلم‘کتاب الفتن۔ یہاں اس موضوع کی متعدد روایات موجود ہیں ہیں۔

۸۸۔ ولی الدین خطیب تبریزی‘مشکوٰة المصابیح‘باب حفظ اللسان‘حدیث نمبر٤٦١٨

۸۹۔ الحجرات :۹

۹۰۔ ابن الاثیرالجزری‘تاریخ الکامل‘ج۲‘ص:۱٦

۹۱۔ ایضاً

۹۲۔ مسلم‘الجامع الصحیح‘کتاب البروالصلة والادب‘باب تحریم التحاسد والتباغض والتدابر‘حدیث نمبر٦٥٣٢‘ص:١١٢٦ (دارالسلام ایڈیشن)

۹۳۔ ایضاً‘کتاب البروالصلةباب تحریم الکذب‘حدیث:٦٦٣٣

۹۴۔ ابوداؤد‘باب اصلاح ذات البین ‘ج :۴‘ص :۲۸۰۔ مسلم‘کتاب البروالصلة‘باب تحریم الکذب‘حدیث نمبر٦٦٣٣‘ص:١١٣٣ (دارالسلام ایڈیشن)

۹۵۔ ایضاً‘حدیث نمبر٦٦٣٤‘ص:١١٣٣ (دارالسلام ایڈیشن)

۹۶۔ مسلم‘کتاب البروالصلة‘باب تحریم الکذب وبیان مایباح منه‘شرح نووی‘ ج:٦‘ص:٢٣١

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۹۷۔ مسلم کتاب البر والصلة باب تحریم الکذب وبیان مایباح منه شرح نووی ج:۶ ص:۲۳۱ ابوداؤد کتاب الادب باب اصلاح ذات البین حدیث نمبر ۴۹۱۹ ص:۱۵۸۴

۹۸۔ سورۃ آل عمران :۱۳۴

۹۹۔ سورۃ بنی اسرائیل:۵۳

۱۰۰۔ سورۃ فاطر :۶

۱۰۱۔ سورۃ البقرۃ :۱۶۸۔۲۰۸

۱۰۲۔ سورۃ الاعراف:۲۰۰ سورۃ حم السجدہ:۳۶

۱۰۳۔ مسلم کتاب صفات المنافقین واحکامهم باب فتنة الشیطان فی العرب

۱۰۴۔ ایضاً

۱۰۵۔ ایضاً

۱۰۶۔ بخاری کتاب الادب باب الحذر من الغضب ج:السابع ص۹۹ مسلم کتاب البر والصلة باب من یملک نفسه عند الغضب جلد الثامن ص:۳۰

۱۰۷۔ بخاری کتاب الادب باب الحذر من الغضب جلد السابع ص۹۹

۱۰۸۔ ابوداؤد کتاب الادب باب مایقال عند الغضب ج:۴ ص:۲۴۹ حدیث نمبر ۴۷۸۴

۱۰۹۔ ایضاً حدیث نمبر ۴۷۸۲

۱۱۰۔ النحل :۱۲۶

۱۱۱۔ النحل:۱۲۶ "وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ" اگر تم بدلہ لو تو اتنا ہی لو جتنا تم پر زیادتی کی گئی) سورۃ البقرہ :۱۹۴ "مَنِ اعْتَدٰی عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰی عَلَيْكُمْ" (پھر اگر کوئی تمہارے اوپر زیادتی کرے تو تم بھی اتنی ہی زیادتی اس پر کرو جتنی تم پر کی گئی)

۱۱۲۔ حم السجدہ:۳۴ "ادفع بالتی هی احسن فاذا الذی بینک وبینه عداوة کانه ولی حمیم"

۱۱۳۔ النحل :۱۲۶ "وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ" (اگر بدلہ لینے کی بجائے صبر کرو تو یہ بات صبر کرنے والوں کیلئے انجام کے اعتبار سے بہتر ہو گی)

۱۱۴۔ سورۃ النور :۲۲ "اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ" (کیا تم پسند نہیں کرتے کہ تم لوگوں کو معاف کرو اور) اللہ تمہارے گناہ معاف کر دے)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۱۵۔ مسلم 'کتاب البروالصلۃ' باب النھی عن السباب۔ ابوداؤد۔ ابن ماجہ' کتاب الفتن' باب سباب المسلم فسوق۔۔۔ج:۲'ص:۔۔۔سباب المسلم فسوق وقتالہ کفر" (مسلمان کو گالی دینا فسق اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے) فرمایا "المستبان ماقالا فعلی البادی مالم یعتد المظلوم "جب دو بندے باہم گالی گلوچ کریں تو دونوں کا گناہ اس پر ہو گا جس نے آغاز کیا جب تک کہ مظلوم زیادتی نہ کرے)

۱۱۶۔ کتب حدیث میں کتاب الادب اور کتاب البروالصلۃ کے تحت باب حفظ اللسان میں تفصیلی احادیث موجود ہیں۔

۱۱۷۔

۱۱۸۔ مسلم' کتاب البروالصلۃ' باب فضل الرفق' لا ینبغی لصدیق ان یکون لعاناً (سچے مسلمان کے شایان شان نہیں کہ وہ کسی پر لعنت کرے)

۱۱۹۔ سورۃ النور: ۴'۶'۱۱' ۱۳' ۱۵'۱۶' ۲۳

۱۲۰۔ سورۃ الحجرات: یاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْالَایَسْخَرْقَوْمٌ مِنْ قَوْمٍ عَسٰی اَنْ یَّکُوْنُوْا خَیْراً مِنْھُمْ وَلَاتَلْمِزُوْا اَنْفُسَکُمْ وَلَاتَنَابَزُوْابِالْاَلْقَاب"

۱۲۱۔ ایضاً

۱۲۲۔ ایضاً

۱۲۳۔ سورۃ النساء:۱٤۸ "لا یحب اللہ الجھر بالسوء من القول الا من ظلم"

۱۲۴۔ سورۃ النور: ۱۱۔۱۶

۱۲۵۔

۱۲۶۔ سورۃ الحجرات:۱۲ 'یایھاالذین امنوا اجتنبوا کثیراً من الظن ان بعض الظن اثم ولا تجسسوا ولا یغتب بعضکم بعضاً"

۱۲۷۔ مسلم 'کتاب البروالصلۃ' باب نصر الاخ ظالما او مظلوما' جلد الثامن' ص:۱۹

۱۲۸۔ ایضاً

۱۲۹۔ شاہ ولی اللہ 'حجۃ اللہ البالغہ' حصہ دوم' ص: ۶۱۱

۱۳۰۔ مسلم 'کتاب الحدود' باب قطع سارق الشریف وغیرہ' ج:۵' ص:۱۱٤' بخاری 'کتاب الحدود' باب کراھیۃ الشفاعۃ' ج:۸' ص:۱٦۔

۱۳۱۔ اس سلسلے میں دیکھیں الماوردی' الاحکام السلطانیہ' ص:۱۰'

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۳۲۔ حسن ابراہیم'تاریخ الاسلام السیاسی'ص:۲۰۵

۱۳۳۔ حسین ہیکل' عمر فاروق اعظم' حصہ دوم'ص ۲۱۹'عبدالوہاب النجار'الخلفاء الراشدین'ص : ۲۲۸

۱۳۴۔ سورۃ البقرۃ : ۲۲۸۔ سورۃ النساء : ۱۔۴'۷'۱۱۔۱۲'۱۹'۳۲۔۳۴'۳۴۔ سورۃ الطلاق : ۱۔۳'۵۔۷

۱۳۵۔ مسلم'کتاب البیوع' باب لعن آکل الربوٰ وموکلہ'ج:۵'ص ۵۰'ابوداؤد'
کتاب البیوع'باب فی آکل الربوٰ'ج:۳'ص۶۲۸'سورۃ البقرۃ۲۷۵۔۲۷۹

۱۳۶۔ سورۃ البقرۃ : ۱۸۸'سورۃ النساء : ۲۹۔اس سلسلے میں کتب حدیث کی کتاب البیوع کا
مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔

۱۳۷۔ بخاری'کتاب الاحکام 'باب من استرعی' رعیۃفلم ینصح '
حدیث نمبر۷۱۵۰'ص۵۹۵

۱۳۸۔ ایک دوسری حدیث میں ایسے شخص کیلئے جنت کے حرام ہونے کاذکر ہے۔ایضاً'
حدیث نمبر ۷۱۵۱

۱۳۹۔ ترمذی' جامع ترمذی'ص : ۳۷۷

۱۴۰۔ ایضاً'ص ۳۴۰

۱۴۱۔ سورۃ المائدہ'۳۲

۱۴۲۔ سورۃ النساء : ۹۳

۱۴۳۔ سورۃ البقرۃ :۱۷۹

۱۴۴۔ سورۃ النساء : ۹۲

۱۴۵۔ سورۃ المائدہ : ۳۳

۱۴۶۔ ابن تیمیہ'السیاسۃ الشریعۃ'ص:۶۹

۱۴۷۔ شاہ ولی اللہ' حجۃ اللہ البالغہ' حصہ دوم'ص ۱۵۸

۱۴۸۔ ایضاً

۱۴۹۔ تنزیل الرحمٰن' جزم وسزا کا اسلامی تصور'ص : ۱۲۰

۱۵۰۔ ایضاً

۱۵۱۔ ایضاً'ص : ۱۲۰

۱۵۲۔ ایضاً

۱۵۳۔ متین ھاشمی' اسلامی حدود'ص : ۱۵

© rasailojaraid.com